علمیات پر مکمل اور بلا بخل تصنیف

یہ کتاب آپ کے لئے ایک مہربان اُستاد ثابت ہوگی۔ جو شخص اس کتاب سے عامل بنے اُسے کسی دوسری کتاب کی ضرورت محسوس نہ ہوگی۔ عملیات کے لئے سہل اور آسان مثبت بنیادی قاعدے، اصول اور طریقے

تصنیف: سلیم حسین قادری (ماہرِ روحانیات وفلکیات)

خلیفہ وگدی نشین حضرت بابا ملک محمد صدیق قادری متقربی رحمۃ اللہ علیہ

اس کتاب کی تکمیل میں مدد کیلیے استفادہ کیا استاد زمانہ حضرت کاش البرنی رحمۃ اللہ علیہ اور منجم اعظم جناب غلام حسین شاہ صاحب کے علم سے۔ جسکے لیے میں تہہ دل سے ان روحانی شخصیات کا مشکور و ممنون ہوں۔

مصنف:............... سلیم حُسین قادری مغربی

کمپوزر:............... راؤ وقاص احمد

آرٹ ایڈیٹر:............... پیراگون کمپیوٹرز گرافکس

پرنٹر:............... وقار پرنٹنگ پریس

پبلیشرز:............... نعیم نیاز پبلشنگ

تصنیف: سلیم حسین قادری (ماہرِ روحانیات وفلکیات)

خلیفہ و گدی نشین حضرت بابا ملک محمد صدیق قادری

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہدایاتِ عملیات

عملیات پر مکمل اور بلا بخل تصنیف

یہ کتاب آپ کے لئے ایک مہربان اُستاد ثابت ہوگی۔ جو شخص اس کتاب سے عامل بنے اُسے کسی دوسری کتاب کی ضرورت محسوس نہ ہوگی۔ عملیات کیلئے سہل اور آسان ثبت بنیادی قاعدے، اصول اور طریقے۔

﴿ جو سب نے چھپایا وہ ہم نے بتایا جو سب نے مشکل بنایا ہم نے آسان کر دکھایا ﴾

مخلوقِ خُدا کی خدمت کیلئے
کام کرنا عبادت ہے

تصنیف (فقیر) سلیم حسین قادری مغربی

پیش لفظ

معزز قارئینِ اکرام السلام وعلیکم یہ کتاب اس وقت آپ کے ہاتھ میں موجود ہے وہ حقیقت پرمبنی بلا بُخل تحریر وتصنیف ہے جسکی آج اشد ضرورت ہے میں نے یہ کتاب روپے پیسے کے لالچ کی غرض سے نہیں لکھی اور نہ ہی اس کتاب سے میرا کوئی کاروباری مقصد وابستہ ہے بلکہ مصنفینِ کُتب عملیات نے مجھے یہ کتاب لکھنے پر مجبور کردیا۔

کیونکہ میں تقریباً تمام کُتب عملیات پر نظر گذاری کر چکا ہوں اور اکثر کُتب کو بخل اور لالچ سے وابستہ پایا اکثر مصنف اپنی کتاب نامکمل اور بابخل مضمون تحریر کرتے ہیں اور مندرجہ ذیل سطور میں اپنی دوسری کتاب کا حوالہ دے دیتے ہیں کہ باقی تفصیلات کیلئے میری فلاں کتاب کا مطالعہ کریں مگر افسوس کہ اُس اگلی کتاب میں قارئین کیلئے وہ کچھ نہیں ہوتا ہے جس مقصد کیلئے دوسری کتاب خریدی جاتی ہے۔ اکثر کتابوں میں بے سروپا عمل تحریر کر دئے جاتے ہیں ایسے عملیات سے سوائے رجعت کے کچھ حاصل نہیں ہوتا ۵۰ فیصد مصنفین کا یہ حال ہے تو ۴۵ فیصد نے اپنی کتابوں کو ایٹم بم بنا کر رکھ دیا ہے عملیات کو اس قدر مشکل بنا کر پیش کر دیا ہے کہ کوئی بھی شخص ان کتابوں کو پڑھنے کے بعد عملیات کی دنیا میں قدم رکھنے کو تیار نہیں ہے۔ بعض مصنفوں نے تو عمل کی زکات اتنی بھاری تحریر کر دیں ہیں کہ بندہ پاگل تو ہوسکتا ہے لیکن ان کی تحریر کردہ زکات ادا نہیں کر سکتا۔ لہٰذا ہم نے یہ ایسی کتاب تحریر کردی ہے کہ کوئی بھی شخص اس کتاب سے باآسانی مکمل عامل بن کر مخلوق خُدا کی خدمت کر سکتا ہے ہم نے اس کتاب میں عملیات کے جو بنیادی اصول تحریر کئے ہیں وہ کتابوں سے حاصل کردہ علم نہیں ہے بلکہ استادوں کے سینہ در سینہ چلا آرہا ہے جو کہ اس دور میں ناپید ہے۔ میرا خیال ہے کہ شاید مصنفین عملیات یہ چاہتے ہی نہیں ہیں کہ ان کہ علاوہ کوئی اور بھی عامل ہو اور یہی وجہ ہے کہ وہ بخل سے کام لیتے ہیں اور بے بنیاد اور نامکمل عمل تحریر کرتے ہیں یا عملیات کے شائقین کو اس قدر ڈراتے ہیں کہ کوئی بھی عامل بننے کیلئے تیار نہیں ہوتا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شجرہ مبارکہ قادریہ مقّربیہ

یا الٰہی تو ذاتِ کبریا کے واسطے
کھول دے دارین میں مشکل میری
پوری کر دے میرے دل کی ہر تمنا اے خدا
دین و دنیا میں مجھے سر سبز کر
تیرے کرم سے ہو عطا دونوں جہانوں میں فتح
سایہء مرشدِ کامل میں ملیں اللہ اور اسکا رسول ﷺ
صادق رہے یقینِ کامل بطفیلِ مرشدِ کریم
ہو عطا دل کو ہمارے بحرِ صبر و استقلال
بے بس نہ کر بے کس نہ کر محتاج رکھ اپنا ہمیں

رحم کر دے محمد مصطفیٰ ﷺ کے واسطے
حضرت علیؓ مشکل کشا شیرِ خدا کے واسطے
حضرت حسنؓ و حسینؓ شاہِ کربلا کے واسطے
حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ غوث الورا کے واسطے
حضرت پیر فتح محمد قادریؒ صاحب عطا کے واسطے
حضرت داتا ملک جی مقرب خان قادری بحرِ عطا اولیاء باصفا بادشاہ کے واسطے
حضرت بابا صدیق قادری پیشوا کے واسطے
حضرت بابا حسین بخش قادری صاحبِ سقاء اولیاء کے واسطے
حضرت بابا سلیم قادری سخی رہنما کے واسطے

ہدایات برائے عاملین

عامل کو چاہیئے کہ خود کو اللہ تعالیٰ کے فرائض اور نبی کریم ﷺ کی سنّت کا سخت پابند رکھے اور حقوق العباد پورے کرے غصہ اور شہوت پرستی کو خود پر غالب نہ آنے دے حرام سے پرہیز کرے حلال کی جستجو میں رہے زندگی میں آنے والے نشیب وفراز کی وجہ سے دل میں باغی خیالات کو جگہ نہ دے بلکہ اللہ کی رضا میں راضی اور شاکر رہے قطعیٔ بددل نہ ہو کہ اللہ رحیم وکریم ہے اور ہمارے تمام معاملات کو ہم سے بہتر جانتا ہے۔لہٰذا اللہ پر بھروسہ کر کے صبر کا دامن نہ چھوڑے۔

اللہ تعالیٰ شانہٗ کے فضل وکرم سے اور سرکارِ دو عالم ﷺ کے صدقے سرکار بغداد غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کے طفیل میرے مرشد کریم حضرت داتا ملک جی مقرب بادشاہ نے مجھ جیسے گنہگار ترین بندے کو گناہوں کے دلدل سے نکال کر اپنی غلامی کا شرف عطا کیا اور آج اس قابل بنایا کہ میں بندۂ ناچیز بحیثیتِ فقیر بذریعہ تحریر آپ سے مخاطب ہوں۔اور جو امانت میرے پاس ہے مختصراً آپ تک پہنچانے کی کوشش کر رہا ہوں۔

﴿بسم اللہ الرحمٰن الرحیم﴾

عملیات کیلئے بنیادی لوازمات

۱۔ ساتوں ستاروں کی دھاتوں سے قلم کی نب تیار کریں جس سے آپ ساتوں دن کام کر سکتے ہیں۔

دھاتیں درجہ ذیل ہیں۔ سونا، چاندی، لوہا، پلاٹینیم، قلعئی، تانبہ، سکہ

(ان تمام دھاتوں کو پگھلا کر نب تیار کریں)

۲۔ ساتوں ستاروں کی خوشبوئیں لیکر مجموعہ عطر تیار کریں جو کہ ساتوں دن استعمال کر سکیں۔

خوشبوئیں یہ ہیں۔ مشک، گلاب، عطر گل، سہاگ، حنا (یہ پانچ خوشبوئیں ساتوں دن کیلئے ہیں)

۳۔ ساتوں ستاروں کے بخورات سے دھونی تیار کریں جو ساتوں دن استعمال کر سکیں

بخورات یہ ہیں۔ عود، لوبان، سندرس، مصطگی، حب، الغار، زعفران، میعہ سعائلہ

(ان تمام بخورات کو کوٹ کر سفوف بنالیں پھر اس سفوف کو سانچے میں ڈال کر بتیاں تیار کرلیں جب بھی کام کرنے بیٹھیں سلگا لیں، ساتوں دن کام آئیں گی)

۴۔ ساتوں ستاروں کا ذائقہ تیار کر کے رکھ لیں کام کرتے وقت رتی بھر سفوف منہ میں رکھ لیں۔

ذائقہ بنانے کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔ شکر، نمک، کوڈ منبہ، قلمی شورہ، چھوٹی الائچی،

(ان کو کوٹ کر باریک سفوف بنا کر رکھ لیں ساتوں دن کام آئے گا)

۵۔ ساتوں ستاروں کے رنگ کی ٹوپی تیار کرلیں روزانہ کام آئیگی۔

ٹوپی کے رنگ۔ (اورنج، سفید، سرخ، فیروزی، سبز، آسمانی، سیاہ) رنگ کے ٹکڑے لیکر ٹوپی بناؤ۔

نقش لکھنے کے لئے روشنائی تیار کرلیں۔ ساتوں ستاروں کا بخور ایک تولہ مشک دو رتی کو ململ کے کپڑے میں سی کر پوٹلی کو ایک چھٹانگ عرق گلاب اور ایک تولہ عرق کیوڑا میں رکھ کر دوات میں محفوظ کرلیں اور سات سات مرتبہ ہر دن اور سات مرتبہ حروف تہجی پڑھ کر روزانہ دم کریں سات دن میں تاثیرات سے بھرپور روشنائی تیار ہو جائیگی۔

﴿بسم اللہ الرحمٰن الرحیم﴾

لوازماتِ عملیات

عامل جس جگہ کام کر رہا ہو وہ جگہ پاک صاف ہو جب کام کرنے کے لیے بیٹھے تو پنجتن پاک علیہ السلام کو غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کو رجال الغیب کو دن کے موکلات کو ستاروں کے موکلات کو اپنے اسم اعظم ذاتی کے موکل کو تین بار سلام کر کے مدد طلب کریں۔

جس دن کام کر رہے ہو اس دن کے مطابق لباس پہنو، خوشبو لگاؤ، بخور روشن کرو، ذائقہ منہ میں رکھو۔ یہ تمام لوازمات ساتوں دنوں کے جدول میں موجود ہیں۔ کاغذ اور سیاہی کا رنگ اپنی طبع کے مطابق رکھو، اپنی طبع کی سمت میں رخ کر کے کام کرو اگر اس دن رجال الغیب تمہاری طبع کی سمت میں موجود ہیں تو اپنے ستارے کی طبع کی سمت میں رخ کر کے کام کرو اور اگر تمہاری طبع اور تمہارے ستارے کی طبع اتفاقاً ایک ہی ہیں تو اپنے برج کی طبع کی سمت میں رخ کر کے کام کرو اور اگر اتفاق سے تمہاری طبع تمہارے ستارے کی طبع تمہارے برج کی طبع ایک ہی ہے تو رجال الغیب کی طرف پشت کر کے کام کرو (پڑھائی کرو نقش بناؤ) اور اپنا کام اور ستارے دن کے موکلات کی عزیمت تین بار پڑھ کر اسکے حوالے کر کے مریض کو نقش پر خوشبو لگا کر بخور کی دھونی دیکر دم کر کے موم جامہ کر کے چاندی کی تختی میں ڈال کر دے دو۔

نقش کا پرہیز: جلنے والا گھر، میت والا گھر، ہسپتال ہے اگر ان جگہوں پر جائیں تو نقش اتار کر جائیں۔ حالتِ ناپاکی میں نقش کو اپنے سرہانے دیوار پر لگی کیل پر ٹانگ دو جب پاک صاف ہو جاؤ پھر پہن لو۔ عملیات کے کام کرنے کے ہزاروں طریقے ہیں جو کہ عامل کی صوابدید پر منحصر ہیں آخر میں ہم نے جادو اور جنات اتارنے کے طریقے تحریر کر دیے ہیں۔

﴿بسم اللہ الرحمٰن الرحیم﴾

طریقۂ عملیاتِ عمل و نقوش

اکثر کتابوں میں زکات کے جو طریقے تحریر کیے گئے ہیں ان طریقوں کو دیکھ کر ایسا لگتا ہے کہ مصنف موصوف یہ چاہتے ہی نہیں ہیں کہ کوئی شخص عامل بنے اور شاید اسی لئے اتنے مشکل اور تقریباً ناممکن طریقے عمل کی زکات کے تحریر کر ڈالے ہیں کہ بندہ فوراً عامل بننے کا ارادہ ترک کر کے عملیات کی دنیا سے بھاگ کھڑا ہو۔

ہمارے استاد خانے میں زکات عمل کے جو آزمودہ اور کامیاب طریقے رائج ہیں وہ انتہائی آسان اور مجرب طریقے ہیں جو کہ آپ کے لئے تحریر کر رہا ہوں اگر آپ اپنے اسم اعظم ذاتی کی زکات ادا کرنا چاہتے ہیں تو روزانہ 3125 مرتبہ اپنا اسم اعظم ذاتی پڑھنا ہوگا اور اپنے اسم اعظم کے ذاتی کے مفرد عدد کے مطابق روزانہ اپنے اسم اعظم ذاتی کا نقش لکھ کر ایک کوری مٹکی میں ڈالتے رہیں 40 دن میں آپ کی زکات صغیر ادا ہوگی (اسم اعظم کی اور اسم اعظم کے نقش کی) اب اگر اسی طرح متواتر تین چلے کر لیں تو زکات کبیر ادا ہوگی اور اگر اسی طرح متواتر پانچ چلے کر لیں تو زکات الکبائر ادا ہوگی یہ طریقے بالکل درست آزمودہ اور کامیاب ہیں۔

نوٹ: زکات ادا کرنے کے بعد دوسرے دن دریا پر جا کر نقوش اور مٹی پانی میں بہا دیں۔

طریقہ: نقوش کو پانی میں پھیلا کر بہائیں اور مٹکی میں ایک میٹھا پراٹھہ حضرت خضر علیہ السلام کی نیاز کا رکھ کر مٹکی پانی میں بہا دیں انشاءاللہ آپ اپنے اسم اعظم ذاتی کے عامل ہو گئے۔

﴿ بسم اللہ الرحمن الرحیم ﴾

شرائط چلّہ

اکل حلال وصدق مقال وتفصیلِ طعام وتکثیرِ صوم، ادائیگی صدقہ طریقہ بنالے۔ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے پاک کر دکھانا اپنا تا کہ تمہاری دعا مقبول ہو۔ لکھا ہے اگر ایک لقمہ روزیٔ حرام سے کسی کے پیٹ میں جاتا ہے چالیس روز تک اس کی دعا قبول نہیں ہوتی اور قلب میں کدورت آجاتی ہے۔ شاغل کو واجب ہے کہ جب پڑھے تو نہ سستی پیدا ہو نہ نیند غالب ہو جب نیند غالب ہوگی تو خشوع وخضوع کہاں رہے گا محنت بھی برباد ہوگی۔

جھوٹ بولنے سے پرہیز کرے۔ جو کوئی جھوٹ بولتا ہے اسکی زبان سے تاثیر جاتی رہتی ہے۔ روزہ دار رہے اس لئے کہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ دعا روزہ دار کی رد نہیں ہوتی۔ قبل شروع کرنے عمل کا صدقہ ضروری ہے۔ اس سے مراد پوری ہوتی ہے، اور محتاجوں کا خوش کرنا خوشنودیٔ حق تعالیٰ ہے اور رحمتِ الٰہی جوش کرتی ہے اور صدقہ دینے والا اللہ کا پیارا ہو جاتا ہے۔

ترک حیوانات جلالی و جمالی قبل عمل شروع کرنے سے کرے، بدبودار چیزیں نہ کھائے اس لئے کہ ملائکہ کو اس سے نفرت ہوتی ہے۔ حضرت محمد ﷺ کہ جو کوئی بدبودار چیز کھائے ہماری مسجد میں حاضر نہ ہو کہ اسکی بو سے ملائکہ کو اذیت ہوتی ہے۔ جب کوئی شخص عمل پڑھنے بیٹھتا ہے تو موکل اسکے حاضر ہوتے ہیں اگر اسکے منہ سے پڑھنے کے وقت بدبو نکلے گی تو موکل پریشان ہو کر بددعا کریں گے عوض فائدہ کے نقصان ہوگا۔

طہارت بدن و پاکیزگی لباس ومکان کا خاص خیال رکھے غسل اور وضو کو اصول بنالے بغیر غسل کے عمل پڑھنا شروع نہ کرے اور ہمیشہ خیال رکھے کہ کپڑا ناپاک نہ ہو۔

جس مکان میں بیٹھے نہایت صاف ہو، عوام الناس کا گزر گاہ نہ ہو، خوشبو سے مہکا رہے، زمین پر صرف بوریا یا مصلا ہو، کمرے میں اور کوئی سامان نہ ہو، چلّہ میں وہیں سویا کرے کہ اللہ کو عاجزی پسند ہے۔ خلوت گاہ میں روشنی کم ہو۔

عامل کو چاہئے جب عمل پڑھنے کا قصد کرے تو اول گوشہ نشینی اختیار کرے اور عوام کی عورتوں اور لڑکوں سے احتیاط کرے کہ صحبت کا اثر ہوتا ہے اور ان کے اختلاط سے باطن میں تاریکی پیدا ہوتی ہے اور قلب متوجہ برائے اللہ نہیں ہوتا مخلوق کی طرف رہتا ہے۔

رو بقبلہ بیٹھے، حالتِ جلوس میں مثلِ قعود کے بیٹھے اور نیت کرے کہ فلاں اسم یا آیت کی زکات اتنی کل تعداد کی ادا کر رہا ہوں روزانہ اتنی تعداد ہوگی اور اتنے دنوں میں ختم کروں گا اے اللہ تکمیل کی توفیق دے اور اگر دو نفل اسی نیت سے ادا کرے تو بہتر ہوگا۔

اعمال سے تاثیر ظاہر نہ ہو تو عمل کو نہ چھوڑے برابر پڑھتا رہے مطلقاً اثر ظاہر نہ ہو تب بھی نہ چھوٹے نہ مایوس ہو یہ خیال دل میں قطعی نہ لائے کہ اتنے دن تک پڑھا ہے کوئی اثر ہی ظاہر نہیں ہوا، وقت ضائع نہ کرو اکثر ایسا ہوتا ہے کہ بے احتیاطی یا کسی اور فرد گزاشت کے سبب عمل میں نقص ہو جاتا ہے جب تک پوری پوری سب شرطیں ادا نہ ہوں گی اثر کچھ بھی ظاہر نہ ہوگا مگر یہ محنت کلی طور پر ضائع نہ ہوگی بلکہ تاثیر عمل

میں کام دے گی۔ عامل کو لازم ہے کہ ثابت قدم رہے۔ اگر کسی وجہ سے ایک چلّے سے فائدہ مرتب نہ ہو تو دوسرا شروع کر دے۔ اس طرح سے جب تک اثر ظاہر نہ ہو پڑھا کرے اور یقین دل میں رکھے کہ ضرور فائز المرام ہو گا۔

جب کسی عمل کے متعلق لکھا ہوتا ہے۔ کہ ایک چلہ کی تعداد اتنی ہے۔ تو اس کا یہ مطلب نہیں ہوتا کہ صرف ایک چلہ میں ہی کامیابی ہو گی۔ جس طرح کوئی دوا ایک شیشی خرید کر لائیں تو اس کا یہ مطلب نہ ہو گا۔ کہ ایک شیشی کھانے سے آرام آجائے گا۔ ممکن ہے دو کھانی پڑیں یا تین تک فائدہ ہو۔ اس طرح عمل میں ایک چلہ اور اس کی تعداد ایک تعین ہے۔ عین ممکن ہے اسی میں کام ہو جائے۔ ورنہ کم از کم تین چلہ تک ضرور عمل کرنا چاہئے۔

شروع و ختم عمل پر درود شریف طاق مرتبہ پڑھا کرے۔ ۱۱، مرتبہ پڑھے تو انسب ہے کیونکہ اسم محمد ﷺ کے عدد ۹۲ مفرد ۱۱ ہے۔ منقول ہے کہ دعا بندے کی مقبول نہیں ہوتی۔ جب تک درود نہ پڑھے۔ میں نے یہ بھی پڑھا ہے کہ درود شریف کے پر ہوتے ہیں۔ اول آخر پڑھنے سے عمل یا دعا کو دو پر لگ جاتے ہیں۔ چونکہ درود شریف کے لیے اللہ پاک کا وعدہ ہے کہ پیغمبر ﷺ کو پہنچانے کا خاص انتظام ہے۔ اس لیے دُعا بھی ضرور قبول ہو جائے گی۔

اپنے کھانے پینے کے برتن علیحدہ رکھے۔ اور اپنے کپڑے جو عبادت و عمل کے لیے ہوں خود دھوئے۔ عامل اپنی چیزوں کو کسی شخص کو استعمال نہ کرنے دے۔ عمل پڑھنے کے لیے جو وقت مقرر کرے اس کی پابندی کرے اختلافاتِ وقت سراسر نقصان ہے چلہ ختم ہونے پر بھی ویسے ہی نیاز دلائے جیسے شروع کرنے پر دلائی گئی تھی۔

پرہیز جلالی و جمالی

پرہیز جلالی وترک حیوانات سے مراد یہ ہے کہ عامل گوشت ہر قسم، مچھلی، انڈا، شہد، مشک، کشتہ، سیب، کا استعمال ترک کردے چمڑے کے برتن میں پانی نہ پیے ریشمی کپڑا نہ پہنے چمڑے کے جوتے نہ پہنے۔ غرضیکہ اور بھی جو چیز حیوانات سے مختص ہے اور پیدا ہوتی ہے قطعی ترک کردے اسی طرح وہ چھری، چاقو، یا استرا وغیرہ جس پر ہاتھی دانت یا شیر ماہی یا سینگ کا دستہ ہو استعمال نہ کرے۔

جماع کرنا، بال تراشنا، ناخن اتارنا بھی منع ہے لیکن بعضوں نے لکھا ہے کہ سنت بامثل بغل لب، پاکی اور ناخن اتارنا کر سکتے ہیں ہاں اہتمام نہ کرے۔ جس قدر ممکن ہو پرہیز ہی کرے تو اچھا ہے۔

سرکہ، پیاز، ترب، الگوزہ، خود ساختہ نمک خرما، عنبر کا استعمال بھی نہ کرے اور پھل بھی کسی کا استعمال نہ کرے کیونکہ پھلوں پر مکھیاں بیٹھتی ہیں روغن کنجد روغن سرشف بھی نہیں کھانا چاہیے۔

عامل اپنے بستر پر کسی کو نہ سونے دے نہ وہ کسی کے بستر پر سوئے۔ بلکہ زمین پر بستر بنائے۔ اور عمل کے دوران جن برتنوں کا استعمال کرے وہ بھی الگ رکھے۔ اور کسی کو استعمال کرنے نہ دے۔ عامل کے لیے لازم ہے کہ روزانہ غسل کرے۔ اگر ایسا نہ کر سکے تو طہارت و پاکیزگی کا انتہائی خیال رکھے۔ باوضو ہر وقت رہے۔ اگر طاقت جسمانی اچھی ہو تو ہر روز روزہ رکھے۔

کپڑا ایسا پہنے جو سلا ہوا نہ ہو۔ اور عمل میں کسی خاص لباس کا اشارہ نہ ہو تو اپنے ستارہ کے مطابق رنگ کا کپڑا لے۔

اس بات میں بھی احتیاط رکھے۔ کہ جسم سے خون نہ نکلے۔ کسی درخت کا پتہ، شاخ، پھل پھول وغیرہ نہ توڑے۔ گھوڑے یا کسی جانور کی سواری نہ کرے۔

اگر عمل کے دوران کسی کو اپنی خدمت کے لیے رکھے۔ تو وہ پرہیز گار اور نمازی ہو۔

پرہیز جمالی یہ ہے۔ کہ گوشت ہر قسم کی مچھلی، سرکہ، شہد، پیاز، لہسن استعمال نہ کرے۔ جماع سے پرہیز کرے جسم اور کپڑے کی صفائی ہر وقت رہے۔ بلکہ باوضو رہے۔ دودھ، لسی بھی نہ پیے، بناسپتی گھی، پھل میوے۔ روغن کنجد اور سرشف کی پابندی نہیں۔ استعمال کر سکتا ہے۔ برنج، دال مونگ کا استعمال کرے حجامت کرنا، ناخن اتارنا، سلا ہوا کپڑا پہننا، جانور کی سواری کرنا اور جانوروں سے بنی ہوئی یا پیدا شدہ اشیاء کا استعمال بھی ممنوع نہیں۔

حصار برائے عمل

ایک حصار یہ ہے کہ بعد نماز عشاء تین مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کرے اور تین بار دستک دے یعنی دونوں ہاتھوں سے تالی بجائے تو رات کو ارواح خبیثہ اور خواب بد سے محفوظ رہے۔ یہ حصار ماحولی ہے۔

اگر ذیل کے حصار کو پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن پر ہاتھ پھیرے تو بدن کو کوئی چیز نقصان نہ پہنچا سکے یہ حصار بدنی ہے تین بار اس عمل کو پڑھے۔ يَا حَلِيْمُ يَا كَرِيْمُ يَا حَافِظُ يَا حَفِيْظُ يَا نَاصِرُ يَا نَصِيْرُ يَا رَقِيْبُ يَا وَكِيْلُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ میں نے اپنے آپ کو حرز کیا۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سے، میں نے اپنا حصار کیا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ سے۔

ایک اور حصار بدنی یہ ہے۔ اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ کر گیارہ مرتبہ معوذتین پڑھے اور درمیان دونوں سورتوں کے تسمیہ نہ کہے پھر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیرے اور دم بھی کرے انشاء اللہ کلی حفاظت رہے گی۔

بدن کے حصار سے اس وقت حفاظت رہتی ہے جبکہ عمل کے رجعت کا خوف ہو اس سے رجعت بدن پر پڑتی نہ دماغ متاثر ہوتا ہے۔

باموکل عملیات کیلئے مضبوط حصار کی ضرورت ہوتی ہے حصار کے اندر بیرونی خطرہ کا اثر نہیں ہوتا بلکہ اکثر رجعت سے بھی امان رہتی ہے۔ ذیل میں آیت الکرسی باسماء الٰہی دی جاتی ہے ہر عمل میں حصار کا کام دے گی۔ عمل سے قبل تین مرتبہ پڑھ کر انگلی پر دم کر کے یا چھری پر دم کر کے اپنے گرد حصار کرے پھر تین دفعہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے۔

اَعْتَصَمْتُ بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ الْقَائِمُ الدَّائِمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ حَاضِرٌ نَاصِرٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ نَادِرٌ قَدِيْرٌ عَلٰى كُلِّ مَخْلُوْقٍ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗ اِلَّا بِاِذْنِهٖ كَرِيْمٌ رَحِيْمٌ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ لَا خِلَافَ وَلَا كَذَّابٌ جَبَّارٌ غَفَّارٌ سَتَّارٌ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖ اِلَّا بِمَا شَاءَ اللّٰهُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ وَاسِعٌ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَلَا يَؤُدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ حَافِظٌ حَفِيْظٌ رَقِيْبٌ وَكِيْلٌ نَاصِرٌ نَصِيْرٌ يَا اِسْرَافِيْلُ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

زکاتِ رجال الغیب

یہ زکات ادا کرنے والا ہمیشہ رجال الغیب کی رجعت سے محفوظ رہتا ہے اور اعمال عملیات میں اس کی معاونت ہوتی ہے مندرجہ ذیل سلام کو صرف ایک رات میں ایک ہزار مرتبہ پڑھنے سے زکات ادا ہو جاتی ہے جو ہمیشہ قائم رہتی ہے۔

نوٹ: یہ زکات عملیات کے لئے لازمی نہیں ہے بلکہ عامل کے تحفظ کے لئے بہت ضروری ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم یا رجال الغیب السلام علیکم یا ارواحِ مقدسۃ اغیثونی وانظروا الیٰ بنظرۃ یا رقبآ؛ یا نجبآ؛ یا ابدالُ یا آوتادُ

جو حضرات رجال الغیب کی رجعت میں مبتلا ہوں وہ ایک ہزار مرتبہ یہ دعا پڑھیں ایک رات میں انشاء اللہ رجعت دور ہو گی یہ سلام انتہائی اکسیر ہے۔

روزآنہ بعد نماز فجر یہ دعا تین مرتبہ پڑھنے سے موجودہ رجعت ختم ہو جاتی ہے اور آنے والی رجعت سے حفاظت ہوتی ہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا رِجَالَ الْغَیْبِ ہ وَالسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَآ یُّتُھَا الْاَرْوَاحُ الْمُقَدَّسَۃُ یَا نُقَبَآءُ وَ یَانُجَبَآءُ وَ یَا رُقَبَآءُ وَ یَا بُدَلَآءُ وَ یَآ اَبْدَالُ وَیَآ اَخْیَارُ وَ یَا اَبْرَارُ وَیَآ اَوْتَادَ الْاَرْضِ اَوْتَادُ اَبعَۃٌ وَّیَآ اِمَامَانِ وَیَا غَوْثُ وَیَا قُطْبُ وَیَا عَمَدُ وَیَا فَرْدُ وَیَآ اُمَنَآءُ اَغِیْثُوْنِی بِغَوْثَۃٍ وَّاَعِیْنُوْنِی بِعَوْنَۃٍ وَّانْصُرُوْنِی بِنُصْرَۃٍ وَّانْظُرُوْنِی بِنَظْرَۃٍ اَجِیْبُوْنِی

﴿بسم اللہ الرحمن الرحیم﴾

جدولِ تعینِ رجال الغیب

عامل پر لازم ہے چاند کی تواریخ سے رجال الغیب کی سمت کا تعین کرے کہ آج رجال الغیب کس سمت میں ہیں پھر عمل میں بیٹھے۔ اگر غلطی سے عمل کرتے وقت عامل کا رجال الغیب سے آمنا سامنا ہو گیا تو عمل باطل ہو ہی جائے گا ساتھ ساتھ رجعت کا زبردست خطرہ ہو سکتا ہے۔

29	22	14	7	مشرق
27	19	12	4	مغرب
30	23	15	8	شمال
26	18	11	3	جنوب

﴿بسم اللہ الرحمٰن الرحیم﴾

ساتوں دنوں اور ساتوں ستاروں کے موکلات کی زکات

جو شخص عامل بننا چاہتا ہے اسے چاہیے کے سب سے پہلے ساتوں دنوں اور ستاروں کی ذکات ادا کرے کیونکہ آپ کو چلہ کشی کیلئے یا عامل بننے کے بعد کوئی بھی کام عملیات سے متعلق کرنے کیلئے دن اور ستاروں کے موکلات کی مدد کی ضرورت ہوگی اور ان موکلات کی مدد کے بغیر آپ کوئی بھی عمل نہیں کر سکتے اگر کریں گے تو کامیابی نہیں ملے گی۔ دنوں اور ستاروں کے موکلات کی زکات اتوار کے دن سے شروع کرے اور ہفتہ کے دن ختم کر کے نیاز اللہ، پنجتن پاک، غوث، اور اپنے مرشد کی شیرینی پر دے۔ ہر دن اور ستارے کی عزیمت ایک رات میں ایک ہزار بار پڑھنے سے زکات ادا ہو جاتی ہے۔ جو عمر بھر قائم رہتی ہے یعنی آپ کو دوبارہ کبھی بھی ذکات ادا کرنا نہ پڑے گی بس روزانہ جب عمل کرنے، چلہ کرنے یا تعویز لکھنے بیٹھیں تو تین بار یہ عزیمت پڑھ کر کام شروع کر دیں۔ یہ موکل آپ کی مدد کریں گے اور آپ کو کامیابی ملے گی۔ دوران زکات خوشبو لگانا اور بخور سلگانا ضروری ہے۔

ساتوں دنوں اور ساتوں ستاروں کی زکوۃ ادا کرنے کیلئے پڑھائی کا طریقہ

<table>
<tr><td>اتوار</td><td>اقسمت علیکم یا جبرائیل یا روفیائیل یاابو عبداللّٰہ یا المذاھب
السّلام علیك یا شمس یا کلیھائیل یا طغب، یا کلنائیل</td></tr>
<tr><td>پیر</td><td>اقسمت علیکم یا میکائیل یا شدحائیل یا ابو النور یا مرۃ الابیض بن الحارث
السّلام علیك یا قمریا لقوائیل یا شمصدد یا تعورائیل</td></tr>
<tr><td>منگل</td><td>اقسمت علیکم یا اسرافیل یا مسائیل یا ابو محزر یا الاحمر
السّلام علیك یا مریخ یا بیائیل یا ھصنزیا صعائیل</td></tr>
<tr><td>بدھ</td><td>اقسمت علیکم یا جبرائیل یا توائیل یا ابو العجائب یا برقان
السلامُ علیك یا عطارد یا اشکائیل یا قکوت بھرائیل</td></tr>
<tr><td>جمعرات</td><td>اقسمت علیکم یا میکائیل یا صرفیائیل یا ابو ولید یا شمھورش
السلامُ علیك یا مشتری یا بخوائیل یا علیم یا ارمسائیل</td></tr>
<tr><td>جمعہ</td><td>اقسمت علیکم یا جبرائیل یا عیثائیل یا ابو الحسن یا زوبعہ ابیض
السلامُ علیك یا زھرہ یا اھویائیل یا حطخع یا شمو صائیل</td></tr>
<tr><td>ہفتہ</td><td>اقسمت علیکم یا عزرائیل یا کسفیائیل ابو نوح یا میمون سیاف السحابی
السلامُ علیك یا زحل یا اروائیل یا افسحج، اروقلائیل</td></tr>
</table>

عامل بننے کے بعد جس دن کام کرنا ہو اس دن اور ستارے کے موکلات کو باادب سلام کریں اور استعانت و مدد طلب کریں، کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کے مقرر رہ نظام کا حصہ ہیں اور اپنے اپنے دن کے حاکم ہیں جو اللہ کے حکم سے اس دن کا سارا انظام چلاتے ہیں۔

طریقۂ عزیمت: اقسمت علیکم یا جبرائیل یا روفیائیل یاابو عبداللّٰہ یا المذاھب السّلام علیك یا شمس یا کلینائیل یا طغثِب یا کلنبائیل میرا فلاں کام انجام دوبحق اسم اعظم فلاں العجل العجل العجل السّاعة السّاعة السّاعة الوحا الوحا الوحا سامنے رکھے ہوئے نقشے یا جو بھی چیز تیار کر رہے ہو اس کو عطر لگا کر دم کر کے (دھونی جو کہ دوران پڑھائی چل رہی ہے) دھونی لگاؤ۔ انشاءاللہ کام پورا ہوگا۔ تمام لوازماتِ عمل پورے کرنا شرط ہے۔

﴿ بسم اللہ الرحمن الرحیم ﴾

حروفِ تہجی کی زکات

صحیح عامل بننے کیلئے آپ کو حروف تہجی کی زکات ادا کرنا لازمی ہے کیونکہ حروف تہجی کے بغیر کوئی بھی عمل ممکن نہیں ہے پورا قرآن مجید انہی اٹھائیس حروف تہجی سے عبارت ہوا اور تمام اسماء حسنہ بھی انہی اٹھائیس حروف تہجی سے عبارت ہوئے اور حروف سے تمام اعداد، تمام ابجد، تمام عزیمتیں غرض یہ کہ تمام نظام عملیات چلتا ہے یعنی حروف تہجی کے بغیر کچھ بھی نہیں کیا جا سکتا ہے۔ روزآنہ رات 12 بجے کے بعد ایک وقت مقرر کر کے 1000 مرتبہ پڑھیں خوشبو اور بخور لازمی ہے 28 دن میں آپ حروف تہجی کے عامل بن جائیں گے اور یہ زکات عمر بھر قائم رہے گی دوبارہ زکات دینے کی ضرورت نہیں پیش آتی۔

28 حروف تہجی کے مکمل اعداد 5995 ہیں اور 28 حروف تہجی مکمل کا موکل حصنظھفائیل ہے اور طریقہ پڑھائی برائے زکات مندرجہ ذیل ہے۔

ہر حروف کو اس وقت شروع کیا جاتا ہے جب قمر اس منزل میں ہو۔ مثلاً حرف الف کی زکات اس وقت ادا ہوگی جب قمر منزل شرطین میں ہوگا حروف کی زکات میں منزلوں کی مطابقت کا خاص خیال رکھا جاتا ہے۔ قمر ۲۸ دنوں میں ۲۸ منزلیں طے کر جاتا ہے۔ اس لئے ۲۸ دنوں میں ۲۸ حروف کی زکات مکمل ہو جاتی ہے۔ کسی اچھی تقویم سے منازل کے اوقات داخلہ لے کر ایک ماہ کا پروگرام تیار کیا جا سکتا ہے جس کے مطابق زکات ادا کی جا سکتی ہے۔

یہ بھی ممکن ہے کے کسی ماہ صرف ایک حرف کی زکات ادا کی جائے اسکو بھی منزل متعلقہ میں ہی ادا کرنا ہوگا اور ایک نشست میں ادا کرنی ہوگی۔ عامل کے لئے لازم ہے کے سب سے پہلے حروف تہجی کی زکات دے بعد میں میں جس عمل کو چاہے پڑھے اس سے عمل میں تاثیر پیدا ہو جائے گی اور رجعت سے بھی محفوظ رہے گا اکثر لوگ ہیں جو نقوش و عملیات کے میدان میں قدم رکھتے ہیں مگر وہ حروف تہجی کی زکات نہیں دیتے تو اکثر عمل پڑھنے سے طبیعت میں بے سبب کسی بے احتیاطی کے منقلب حالت میں ہو جاتے ہیں۔ زکات ادا کرنے سے حروف تہجی کے موکلات عامل کے گرد رہتے ہیں اس لئے اسے دوسرے عملیات میں رجعت کا خوف نہیں رہتا۔

جدول حروفِ تہجی معہ موکلات

نمبر	حروف	منازل قمر	عمل
۱	ا	شرطین	اجب یا اسرافیلُ بحق یاالف
۲	ب	بطین	اجب یا جبرائیلُ بحق یا با
۳	ج	ثریا	اجب یا کلکائیلُ بحق یا جیم
۴	د	دبران	اجب یا دردائیلُ بحق یا دال
۵	ھ	ھقعہ	اجب یا دوریائیلُ بحق یا ھا
۶	و	ھنعہ	اجب یا رفتمائیل بحق یا واؤ
۷	ز	ذراعہ	اجب یا شرفائیل بحق یا زا
۸	ح	نثرہ	اجب یا تنکفیلُ بحق یا حا
۹	ط	طرفہ	اجب یا اسمائیلُ بحق یا طا
۱۰	ی	جبتہ	اجب یا سراکیمائیل بحق یا یا
۱۱	ک	زھرہ	اجب یا حروزائیل بحق یا کاف
۱۲	ل	صرفہ	اجب یا طاطائیل بحق یا لام
۱۳	م	عوا	اجب یا روپائیل بحق یامیم
۱۴	ن	سماک	اجب یا حولائیل بحق یانون
۱۵	س	غفرہ	اجب یا ہمواکیل بحق یا سین
۱۶	ع	زبانا	اجب یا لومائیل بحق یا عین
۱۷	ف	اکلیل	اجب یاسرھماکیل بحق یافا
۱۸	ص	قلب	اجب یا اھجمائیل بحق یاصاد
۱۹	ق	شولہ	اجب یا عطرائیل بحق یاقاف
۲۰	ر	نعائم	اجب یاامواکیل بحق یارا
۲۱	ش	بلدہ	اجب یا ھمرائیل بحق یا شین
۲۲	ت	ذابح	اجب یا عزرائیل بحق یا تا
۲۳	ث	بلعہ	اجب یا میکائیل بحق یا ثا
۲۴	خ	سعود	اجب یا مھکائیل بحق یا خا
۲۵	ذ	اخبیہ	اجب یا امرفیل بحق یا ذال
۲۶	ض	مقدم	اجب یا عطکائیل بحق یا ضاد
۲۷	ظ	مؤخر	اجب یا نورائیل بحق یا ظا
۲۸	غ	رشا	اجب یا لوخائیل بحق یا غین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جدول حروف تہجی کے تعلقات

ہر اسم کے ساتھ اگرچہ ایک ہزار موکل وابستہ ہیں۔ لیکن ہر روز کا ایک جداگانہ موکل ہوتا ہے

حرف	حرف عدد	اسم	عدد اسم	خاصیت	تاثیر	طبع	موکل	جن	برج	ستارہ	منزل	بخور
ا	۱	اللہ	۶۶	جلالی	مودت	گرم	اسرافیل	طیموش	حمل	زحل	شرطین	عود سیاہ
ب	۲	باقی	۱۱۳	جمالی	محبت	رطب	جبرائیل	ویوش	جوزا	مشتری	بطین	شکر
ج	۳	جامع	۱۱۴	مشترک	محبت	یابس	کلکائیل	لوبوش	سرطان	مریخ	ثریا	دارچینی
د	۴	دیان	۶۵	جلالی	عداوت	بارد	دردائیل	طیبوش	ثور	شمس	دبران	صندل سرخ
ہ	۵	ہادی	۲۰	جمالی	عداوت	گرم	دردائیل	ہیوش	حمل	زہرہ	ہقعہ	صندل سفید
و	۶	ولی	۴۶	مشترک	محبت	رطب	رفتائیل	یوبوش	جوزا	عطارد	ہنعہ	کافور
ز	۷	زکی	۳۷	مشترک	محبت	خشک	شرفائیل	کابوش	سرطان	قمر	ذراع	شہد
ح	۸	حق	۱۰۸	جلالی	مختلف	تر	تنکفیل	حیوش	جدی	زحل	نثرہ	زعفران
ط	۹	طاہر	۲۱۵	جمالی	عقد شہوت	گرم	اسمائیل	پریوش	حمل	مشتری	طرفہ	مشک
ی	۱۰	منیر	۲۹۰	جمالی	فتح و جلال	تر	سرکتائیل	عصیوش	میزان	مریخ	جبہ	گل سرخ
ک	۲۰	کافی	۱۱۱	جمالی	محبت	خشک	حرزائیل	قدیوش	عقرب	شمس	زبرہ	گل سفید
ل	۳۰	لطیف	۱۲۹	جمالی	جدائی	سرد	طاطائیل	مدیوش	ثور	زہرہ	صرفہ	پوست سیب
م	۴۰	ملک	۹۰	جمالی	محبت	گرم	رومائیل	ہیوش	اسد	عطارد	عوا	بہی
ن	۵۰	نور	۲۵۶	جمالی	مختلف	تر	حوئیل	دلیوش	میزان	قمر	سماک	سنبل
س	۶۰	سمیع	۱۸۰	مشترک	عقد شہوت	خشک	حوائیل	نعیوش	قوس	زحل	غفرہ	خوشبو مرکب
ع	۷۰	علی	۱۱۰	جلالی	نوکری	سرد	لومائیل	تغیوش	سنبلہ	مشتری	زبانا	فلفل سفید
ف	۸۰	فتاح	۴۸۹	جمالی	عداوت	گرم	سرحمائیل	ہطلیوش	اسد	مریخ	اکلیل	جوز
ص	۹۰	صبور	۲۹۸	جمالی	الفت	تر	اہجمائیل	طلایوش	میزان	شمس	قلب	جاوتری
ق	۱۰۰	قادر	۳۰۵	مشترک	عقد شہوت	خشک	عطرائیل	قمیوش	حوت	زہرہ	شولہ	ترنج
ر	۲۰۰	رؤف	۲۸۶	جلالی	مودت	سرد	اسوائیل	دہیوش	سنبلہ	عطارد	نعائم	گلاب
ش	۳۰۰	شفیع	۴۶۰	جلالی	عداوت	گرم	عمرائیل	تعیوش	عقرب	قمر	بلدہ	عود
ت	۴۰۰	تواب	۴۰۹	جمالی	عقد قوم	تر	عزرائیل	لطیوش	دلو	زحل	ذابح	عنبر
ث	۵۰۰	ثابت	۹۰۳	جلالی	مختلف	خشک	میکائیل	طمیوش	حوت	مشتری	بلعہ	عود
خ	۶۰۰	خالق	۷۳۱	مشترک	محبت	سرد	سمکائیل	دلالیوش	جدی	مریخ	سعود	بلخ
ذ	۷۰۰	ذاکر	۹۲۱	مشترک	مختلف	گرم	امرائیل	ساکایوش	قوس	شمس	اخبیہ	
ض	۸۰۰	ضار	۱۰۰۱	جلالی	مختلف	گرم	مطکائیل	ازایوش	ثور	زہرہ	مقدم	گلنار
ظ	۹۰۰	ظاہر	۱۱۰۶	جلالی	عداوت	خشک	نورائیل	متیوش	حوت	عطارد	موخر	گل نسرین
غ	۱۰۰۰	غفور	۱۱۸۶	جمالی	صحت امراض	مختلف	لوحائیل	مرقویوش	حوت	قمر	رشا	لونگ

ساتوں دنوں کا مکمل جدول

دن	ملائکہ	موکل علوی سماوی	موکل سفلی ارضی جنات	عون	خوشبو	بخور	دھات	رنگ	لذت	فطرت	سمت
اتوار شمس	جبرائیل	روقیائیل	ابو عبداللہ	المذہب	مشک	عود	سونا	اورنج طلائی	شیریں	جلالی سعد اکبر	مشرق
پیر قمر	میکائیل	شدحائیل	ابو النور	مرہ الابیض بن حارث	گلاب	لوبان	چاندی	سفید ہلکا سبز	شیریں	جلالی نحس اصغر	شمال
منگل مریخ	سرافیل	مسائیل	ابومحرز	الاحمر	عطرِ گل	سندرس	لوہا	سرخ	نمکین	مشترک سب کیلئے	مغرب
بدھ عطارد	جبرائیل	توائیل	ابو العجائب	برقان	مجموعہ	مصطگی	پلاٹینیم	فروزی سیاہ مائل	شور	جمالی سعد اکبر	مغرب
جمعرات مشتری	میکائیل	صرفیائیل	ابوولید	شمہورش	گلاب	حب الغار	ٹن قلعی	سبز	شیریں	جمالی سعد اکبر	مشرق
جمعہ زہرہ	جبرائیل	عنیائیل	ابوالحسن	زوبعہ ابیض	سہاگ	زاعفران	تانبہ	ہلکا نیلا	شیریں	جمالی سعد اکبر	مغرب
ہفتہ زحل	عزرائیل	کسفیائیل	ابونوح	میمون سیاف السحابی	حنا	میعہ سائلہ	سیسہ	سرخی سیاہ مائل	شور	جلالی نحس اکبر	جنوب

﴿بسم اللہ الرحمن الرحیم﴾

عمل میں بیٹھنے کا طریقہ

ساتوں ستاروں اور دنوں کے موکلات کی اور حروف تہجی کی زکات ادا کرنے کے بعد اب آپ عمل اسم اعظم ذاتی کی زکات کیلئے تیار ہیں یعنی اہلیت حاصل ہوگئی ہے۔ چاند نظر آنے پر چاند کی پہلی دوسری اور تیسری تاریخیں یعنی پہلے تین دن سوتک کے ہوتے ہیں ان تین دنوں میں جو جمعرات آئے گی وہ نوچندی نہ ہوگی بلکہ سوتک کے تین دن گزارنے کے بعد جو جمعرات آئے گی وہ نوچندی جمعرات ہوگی۔

سفید مٹھائی پر شجرہ مبارکہ قادریہ مغربیہ کی نیاز دلا کر اور پورے شجرے مبارکہ سے غیبی اجازت لیکر شرائط چلہ پر سختی سے عمل کرتے ہوئے زکات عمل میں بیٹھ جائیں روزانہ عمل میں بیٹھتے وقت پنجتن پاک علیہ السلام کو غوث اعظم دستگیر رحمۃ اللہ علیہ کو اپنے مرشد کو رجال الغیب کو دن کے موکلات کو ستاروں کے موکلات کو اپنے اسم اعظم ذاتی کے موکل کو تین بار سلام کریں اور مدد طلب کریں ایسا کرنے سے کبھی بھی رجعت کا شکار نہ ہونگے۔

نوٹ: روزانہ عمل کے شروع اور آخر میں ۱۱ مرتبہ درود ابراہیمی ضرور پڑھیں انشاءاللہ سو فیصد کامیابی ہوگی۔

﴿بسم اللہ الرحمن الرحیم﴾

آتشی مشرقی

8	1	6
3	5	7
4	9	2

بادی مغربی

2	7	6
9	5	1
4	3	8

خاکی جنوبی

4	9	2
3	5	7
8	1	6

آبی شمالی

6	7	2
1	5	9
8	3	4

نوٹ: نقش کی چال اپنی طبع کے مطابق رکھیں۔ آپ کی طبع آتشی ہے تو نقش کی چال آتشی رکھیں اور سمت مشرق رکھیں نقش لکھنے کے لیے یا پڑھائی کرنے کے لیے اگر طبع بادی ہے تو نقش کی چال بادی رکھیں اور سمت مغرب رکھیں کام کرنے یا نقش لکھنے یا پڑھائی کرنے کے لیے اگر طبع خاکی ہے تو چال نقش کی خاکی رکھیں اور سمت جنوب رکھیں نقش بنانے اور پڑھائی کے لیے اگر طبع آبی ہے تو نقش کی چال آبی اور سمت شمال رکھ کر یعنی شمال رخ بیٹھ کر نقش لکھیں اور پڑھائی کریں۔

مرتبہ کی عنصری چالیں

آتشی چال

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

بادی چال

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

آبی چال

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

آتشی چال

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

چاروں چالوں کے خانے

آتش	باد	آب	خاک
خاک	آب	باد	آتش
باد	آتش	خاک	آب
آب	خاک	آتش	باد

﴿بسم اللہ الرحمٰن الرحیم﴾

جدول طبع

طبع	آتشی	بادی	خاکی	آبی
رنگ	سرخ	زرد	سیاہ	نیلا۔سفید
خاصیت	جلالی	جلالی	جمالی	جمالی
ستارے	نمبر1شمس	نمبر4عطارد	نمبر7زحل	نمبر2قمر
ستارے	نمبر3مریخ	نمبر6زہرہ	------	------
ستارے	نمبر5مشتری	------	------	------
بروج	نمبر1حمل	نمبر3جوزا	نمبر2ثور	نمبر4سرطان
بروج	نمبر5اسد	نمبر7میزان	نمبر6سنبلہ	نمبر8عقرب
بروج	نمبر9قوس	نمبر11دلو	نمبر10جدی	نمبر12حوت
سمت	مشرق	مغرب	جنوب	شمال
حروف	ا-----2	ب پ------2	د ڈ------4	ج چ------3
۔	ھ------5	و------6	ح------8	ز ژ------7
۔	ط------9	ی------10	ل------30	ک گ----20
۔	م------40	ن------50	ع------70	س------60
۔	ف------80	ص------90	ر ڑ------200	ق------100
۔	ش-----300	ت ٹ---400	خ------600	ث------500
۔	ذ------700	ض------800	غ------1000	ظ------900

شرائطِ تعویذات

تعویزات بلحاظ طبع چار قسم کے ہوتے ہیں۔ (۱) آتشی (۲) بادی (۳) آبی (۴) خاکی۔

آتشی تعویذات

یہ آگ میں جلائے جاتے ہیں یا آگ کے نیچے دفن کیے جاتے ہیں تا کہ متواتر حرارت پہنچتی رہے۔ اس کے لیے یوں کرتے ہیں کہ تعویذ کے اوپر اور نیچے ایک ایک کوری ٹھیکری رکھ کر دھاگہ لپیٹ دیتے ہیں تا کہ نقش کو حرارت احتیاط سے پہنچے اور اسے آگ کے نیچے یا چولہے وغیرہ میں اتنی دور دفن کرتے ہیں کہ حرارت پہنچے مگر جلے نہ آتشی تعویذات کی بتیاں بھی بنائی جاتی ہیں ان کو چراغ میں جلایا جاتا ہے سعد اعمال میں اچھی چیزوں پر لکھتے ہیں مثلاً کاغذ، بکری کا شانہ، ہرن کی کھال، لوح چینی، کوری ٹھیکری، گھوڑے کا نعل وغیرہ چراغ میں خوشبو دار تیل ڈالتے ہیں یا گھی سے جلاتے ہیں۔

نحس اعمال میں کتے کی ہڈی، گدھے کی کھال، رنگ دار کاغذ، پُرانا زردی کپڑا (گھر سے نہیں لیتے ہیں باہر پڑا ہوا اٹھاتے ہیں) مینڈک کا چمڑا اور نمک وغیرہ لیتے ہیں۔

یہ نقش ہمیم سینی کافور یا نیلے رنگ یا کالی سیاہی سے لکھتے ہیں یا آگ پاس رکھ لیتے ہیں اور لکھتے وقت منہ مشرق کی طرف کرتے ہیں ایک زانو بیٹھتے ہیں، قریب آگ کے پاس رکھ لیتے ہیں۔

بادی تعویذات

کسی خوشبودار چیز پر پڑھ کر دم کر کے سونگھاتے ہیں یا جوں، پھلوں، میٹھی چیزوں پر دم کر کے کھلاتے ہیں یا تعویذ لکھ کر درخت یا کسی اونچی جگہ لٹکاتے ہیں نحس اعمال میں کانٹے دار یا کڑوے پھل کے درخت پر لٹکاتے ہیں جیسے کیکر کا درخت یا نیم کا درخت۔ بعض تعویذ ہتھیلی پر لکھ کر بھی مطلوب کو دکھاتے ہیں یا آیات پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے اپنے منہ پر ملتے ہیں اونچے مکان یا اونچی جگہ بیٹھ کر لکھتے ہیں منہ مغرب کی طرف کرتے ہیں۔

خاکی تعویذات

یہ نقش لکھ کر زمین میں دباتے ہیں یا کسی بھاری پتھر کے نیچے دباتے ہیں یا مطلوب کی گزرگاہ یا سونے کی جگہ۔ یا چوکھٹ یا چوراہے یا قبرستان یا گھر میں دفن کرتے ہیں طالب اپنے بازوئے راست پر بھی باندھتا ہے یا مطلوب کی پاؤں کی مٹی لیکر اس پر بھی دم کرتے ہیں۔

یہ ایسی جگہ لکھتے ہیں جہاں کمرہ خالی ہو، ہوادار ہو، منہ جانب جنوب ہو، ایک زانو زمین پر بیٹھ کر لکھیں۔

آبی تعویذات

کاغذ پر لکھ کر مطلوب کو پلاتے ہیں یا کسی چینی کی طشتری پر لکھ کر پلائے جاتے ہیں یا پانی کے پیالہ پر دم کر کے پلاتے ہیں یا نقوش پانی کے کنارے دفن کرتے ہیں یا پانی میں بہائے جاتے ہیں پانی کے کنارے دفن کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ مٹی کی چھوٹی سی کلیا لے کر اس میں تعویذ رکھ کر اس کا منہ موم سے یا کسی اور طریقہ سے اچھی طرح بند کر دیتے ہیں تاکہ پانی اندر نہ جا سکے پھر اسے پانی کے اندر یا کنارے پر دفن کرتے ہیں تاکہ نمی پہنچتی رہے۔ پانی میں بہانے کا طریقہ یہ ہے کہ بانس کی نلکی لے کر اس کے اندر نقش رکھ کر منہ موم سے یا کسی طریقہ سے ڈاٹ لگا کر اچھی طرح بند کر دیتے ہیں اور پانی میں بہا دیتے ہیں نیز ایسے تعویذ کسی دریا یا کنوئیں یا ندی میں بھی ڈالتے ہیں۔

آبی تعویذات کسی حوض یا دریا کے کنارے لکھے جاتے ہیں یا پانی کا طشت پاس رکھ لیتے ہیں منہ شمال کی طرف کرتے ہیں۔

ہدایات تعویذات

(۱) طہارت بدن اور وضو سے لکھے۔ لکھنے سے قبل اپنے بدن کو خوشبو لگائے اور تعویذ کا خاکہ تیار کرے۔ اور اسکی دیواریں قوله الحق وله الملك سے تیار کرے۔ پھر اوپر ۷۸۶ لکھے پھر چاروں موکل لکھے۔ پھر چاروں خادم لکھے اور لکھے یا حافظُ یاحفیظُ رقیبُ یا وکیلُ سات مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے تاکہ رجعت نہ ہو۔

(۲) لکھنے کے دوران کسی سے بات نہ کرے اور لکھنے کے وقت سایہ عورت ناپاک اور نامحرم کا اوپر نہ پڑے۔

(۳) محبت کے تعویذات عروج ماہ قمری میں لکھے اول قلم ہاتھ میں لے پھر کاغذ داہنے ران پر رکھے کوئی شیریں چیز منہ میں رکھے بخور آگ میں ڈالے اور تعویذ مشک و زعفران سے پُر کرنا شروع کرے۔

(۴) اگر مرد عورت سے دوستی کرنا چاہتا ہے تو مرد کا نام عورت سے پہلے لکھے۔

(۵) تعویذ بیماری یا سحر کے لکھے تو خوشی وخرمی سے لکھے۔

(۶) اگر عداوت کے نقوش لکھے تو اول کاغذ بائیں ران پر رکھے پھر قلم ہاتھ میں لے۔ کوئی ترش یا تلخ چیز منہ میں ڈالے، تیل میں تھوڑا سا سرکہ ملا کر لکھے یا کالی یا نیلی سیاہی سے لکھے، سینگ کا بخور جلائے اور زوال ماہ قمری لکھے۔ تعویذ جدائی یا عداوت کا عورت منکوحہ کے لیے نہ لکھے جب تک شرعاً ضرورت نہ ہو۔

(۷) اگر تعویذ زبان بندی، خواب بندی، تیغ بندی کے لکھے تو تھوڑا موم منہ میں رکھ لے زبان کو دانتوں سے دبائے جب تعویذ تمام ہو تو زبان کھول کر اَلْمِنَّةُ لِلّٰهِ یہ تعویذ شنگرف سے پُر کرے خواب بندی و تیغ بندی کے لیے منہ میں فلفل گرد رکھے اور تعویذ کالی سیاہی سے لکھے۔

(۸) فتح القدیر شرح ہدایہ میں لکھا ہے اگر کسی کے پاس تعویذ ہو اور اسکے اوپر غلاف ہو تو پاخانہ میں جانے کا مضائقہ نہیں اگر اس کو اتار کر

جائے تو بہتر ہے اس سے معلوم ہوا کہ اگر نگینہ یا لوح پر کوئی دعا یا آیت کندہ ہو اور اس پر موم یا کپڑا منڈھا ہوا ہو تو اس کا حکم بھی یہی ہے۔ البتہ غسل کرنے لگے اور اس بات کا احتمال ہو کہ بھیگ جانے سے نقش خراب ہو جائے گا تو اسکو اُتار لے تا کہ پانی نہ چلا جائے۔

(۹) اکثر کتب معتبرہ سے ثابت ہے کہ جس تعویذ یا عمل میں خدا کا نام نہ ہو اس کا لکھنا پڑھنا جائز نہیں جس کے معنی سمجھ میں نہ آتے ہوں یا اگر کوئی رقیہ حدیث سے ثابت ہو اور معنی سمجھ میں نہ آئیں تو پڑھنے میں مضائقہ نہیں اسی طرح ہر وہ عزیمت جائز ہے جو کسی امر کے فائدہ کے لیے ہو اور اس میں دیوی دیوتاؤں کے نام نہ ہوں۔

(۱۰) عملی سفلی مسلمانوں کو پڑھنا باعثِ زوالِ ایمان ہے اسی طرح جادو سحر کر کے اپنے ایمان کو ضائع نہ کریں، جب کہ آیات قرآنی اور اسماء باری تعالیٰ اور ارشاداتِ مشائخ موجود ہیں۔ تو اور کسی کے سہارا لینے کی کیا ضرورت ہے؟

(۱۱) عمل پڑھنے اور تعویز لکھنے کے لیے لینا جائز ہے۔ البتہ جس شخص کی نیت میں فریب ہو اس کے لیے نا جائز ہے ایک مشہور حدیث ہے کہ صحابہ کی ایک جماعت نے سانپ کا عمل دم کرنے کے عوض سو بکریاں لی تھیں اور حضور ﷺ سے آ کر واقعہ بیان کیا تو حضور ﷺ نے ان سے خمس لیا۔

(۱۲) اگر لکھتے وقت کوئی پاس بیٹھے تو ہرج نہیں لیکن اسے تاکید کر دیں کہ نہ بولے نہ بلائے لیکن عورت کو پاس نہ بیٹھنے دے۔

(۱۳) جو کوئی شخص نقش کو پاس رکھے اسکے لیے لازم ہے کہ حسب توفیق خیرات کر کے نقش استعمال میں لائے بشرطیکہ اس نے عامل کو ہدیہ ادا نہ کیا ہو۔

شرفِ کواکب کی لوحیں

مثلث: یہ قمر سے متعلق ہے۔ ۳×۳=۹ خانے ہوتے ہیں۔ ایک ضلع کی میزان ۱۵۔ کل خانوں کی ۴۵ ہوتی ہے۔ شرف قمر میں چاندی کی لوح پر بناتے ہیں گھریلو معاملات کی بہتری زرعی مفاد کے لیے کندہ کرتے ہیں متعلقہ دن پیر اور ساعت قمر ہے۔

مربع: یہ عطارد سے متعلق ہے۔ ۴×۴=۱۶ ہوتے ہیں ایک ضلع کی میزان ۳۴ کل خانوں اعداد ۱۳۶ ہوتے ہیں۔ پلاٹینم یا ایلومونیم اس کی دھات ہے علمی قوتوں کے حصول اور سفری سہولتوں کے لیے تیار کرتے ہیں۔ لہٰذا ٹرانسپورٹ کے سلسلہ کے لوگوں اور سفری ایجنٹوں کے لیے بہتر ہوتا ہے متعلقہ دن بدھ ہے ساعت عطارد ہے۔

مخمس: یہ زہرہ سے متعلق ہے ۵×۵=۲۵ خانے ہوتے ہیں ایک ضلع کے اعداد ۶۵ کل اعداد ۳۲۵ ہوتے ہیں۔ اسکی دھات تانبا ہے۔ یہ مہرو محبت کے حصول، شادی، شراکت، سوشل اور پبلک امور اور مالی معاملات کے لیے کام دیتا ہے اسے جمعہ کے دن زہرہ کی ساعت میں تانبے پر کندہ کرتے ہیں۔

مسدس: یہ شمس سے متعلق ہے۔ ۶×۶=۳۶ خانے ہوتے ہیں۔ ایک ضلع کے خانوں کی تعداد ۱۱۱ کل خانوں کی تعداد ۶۶۶ ہوتی ہے اس کے لیے سونے کی لوح بناتے ہیں۔ یا سنہرے کاغذ پر لکھتے ہیں۔ اعلیٰ صحت مندی، لیڈر شپ کے حصول، عزت و وقار کے لیے تیار کرتے ہیں۔ اسے اتوار کے دن ساعت شمس میں تیار کرتے ہیں۔

مسبع: مریخ سے متعلق ہے۔ ۷×۷=۴۹ خانے ہوتے ہیں ایک ضلع کے خانوں کی تعداد ۱۷۵۔ کل اعداد ۱۲۲۵ ہوتے ہیں اسکی دھات لوہا ہے اسے ہمت دلیری اور بدنی وقت کے لیے لیا کرتے ہیں۔ میڈیسن اور سرجری کے کام کرنے والوں کے لیے خوش بختی لاتا ہے اسے منگل کے دن ساعت مریخ میں تیار کرنا چاہئے۔

مثمن: یہ مشتری سے متعلق ہے۔ ۸×۸=۶۴ خانے ہوتے ہیں۔ ایک ضلع کے خانوں کی تعداد ۲۶۰ ہوتی ہے۔ کل اعداد ۲۰۸۰ ہوتے ہیں ان کی دھات ٹن ہے اسے حصول خوش قسمتی اور فراوانی کے لیے تیار کرتے ہیں۔ تحفظ کا کام بھی دیتا ہے۔ کمرشل کام کرنے والوں۔ قانونی معاملات، مذہبی امور اور غیر ملک کے سفر کرنے والوں کے لیے تیار کرتے ہیں۔ اسے جمعرات کے دن ساعت مشتری میں تیار کرنا چاہیے۔

مسبع: یہ زحل سے متعلق ہے۔ ۹×۹=۸۱ خانے ہوتے ہیں ایک ضلع کی تعداد ۳۶۹ ہوتی ہے۔ کل خانوں کی اعداد ۳۳۲۱ ہوتے ہیں۔ اسکی دھات سکہ ہے۔ یہ ان لوگوں کو فائدہ دیتا ہے جن کے ذمہ اہم اور طویل کام ہوں، ذمہ داریاں ہوں، خواہ وہ سیاسی ہوں یا اشتراکی مصروفیات کی، یا اعلیٰ کاروباری سلسلہ کی، اسکو ہفتہ کے دن ساعت زحل میں تیار کرتے ہیں۔

شرافات کواکب میں موافق اسماء الٰہی اور آیات کی لوحیں بھی پُر کرتے ہیں لیکن ان کے متعلقہ نقش میں ہی اعداد بھرتے ہیں۔

نقوش کا حساب

نقش	خانے	عدد طبعی	عدد طرحی	عدد تقسیم	کسر کو کن خانوں میں ڈالیں										
					۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱
مثلث	۳x۳	۱۵	۱۲	۳	۷	۴									
مربع	۴x۴	۳۴	۳۰	۴	۱۳	۹	۵								
مخمس	۵x۵	۶۵	۶۰	۵	۲۱	۱۶	۱۱	۶							
مسدس	۶x۶	۱۱۱	۱۰۵	۶	۳۱	۲۵	۱۹	۱۳	۷						
مسبع	۷x۷	۱۷۵	۱۶۸	۷	۴۳	۳۶	۲۹	۲۲	۱۵	۸					
مثمن	۸x۸	۲۶۰	۲۵۲	۸	۵۷	۴۹	۴۱	۳۳	۲۵	۱۷	۹				
متسع	۹x۹	۳۶۹	۳۶۰	۹	۷۳	۶۴	۵۵	۴۶	۳۷	۲۸	۱۹	۱۰			
معشر	۱۰x۱۰	۵۰۵	۴۹۵	۱۰	۹۱	۸۱	۷۱	۶۱	۵۱	۴۱	۳۱	۲۱	۱۱		
احد عشر	۱۱x۱۱	۶۷۱	۶۶۰	۱۱	۱۱۱	۱۰۰	۸۹	۷۸	۶۷	۵۹	۴۵	۳۴	۲۳	۱۳	
اثنا عشر	۱۲x۱۲	۸۷۰	۸۵۸	۱۲	۱۳۳	۱۲۱	۱۰۹	۹۷	۸۵	۷۳	۶۱	۴۹	۳۷	۲۵	۱۳

طرحی موکل بنانا

اگر نقش یا عملیات میں اسمائے موکلات نہ ہوں تو موکلین اعمال اجابت نہیں کرتے اس لیے یہ طریقہ لکھا جاتا ہے۔

اعداد کے مراتب کے مطابق حروف بنائے جائیں تو اس عمل کو استطاق حرفی کہتے ہیں۔

مثلاً: ۲۲۲ کے حروف ب۔ک۔ر۔ہوں گے۔

ب	=	۲
ک	=	۲۰
ر	=	۲۰۰
میزان	=	۲۲۲

چونکہ ابجد میں ایک ہزار سے زیادہ مراتب نہیں ہیں اس لیے اس کے دو قاعدے ہیں۔

اول یہ کہ جتنے ہزار ہوں اتنے غ لکھ لیں، دوسرا یہ کہ ہزار کے عدد کو پھر اکائی دہائی جان کر مراتب سے عدد نکال کر ایک غ لگا دیں۔

مثلاً:

۲۲۲۲ کے حروف۔ ب ک ر۔غ۔غ (بقاعدہ اول)

۲۲۲۲ کے حروف۔ ب ک ر۔'بغ' (بقاعدہ دوم) چونکہ دو ہزار ہیں اس لیے 'بغ' لفظ بنا۔نو ہزار ہوتو 'طغ' بنے گا۔

جو بھی حرف بنے اسکے آگے کلمہ ایل لگا دینے سے موکل علوی بن جاتا ہے۔

(۱) جس اسم کا موکل نکالنا منظور ہو تو اس اسم کے اعداد میں سے اکتالیس عدد کہ لفظ ایل کے ہیں۔کم کر کے اعداد کا استطاق حرفی کریں۔اور کلمہ ئیل یا ایل آخر میں لگا دیں اسی کے موکل کا اسم پیدا ہوگا۔مثلاً اسم قہار کے عدد ۳۰۶ سے ۴۱ عدد کم کئے۔باقی ۲۶۵ رہے حروف۔ہ س ر۔ہوئے۔اب اس کے دو موکل نکلیں گے ایک منسوب ایک مقلوب۔منسوب موکل۔ہ س ر۔کا ہوگا ہسرائیل اور مقلوب موکل حروف کو الٹا کر کے یعنی۔ر س ہ۔سے بنے گا جو رسہئیل ہو۔منسوب موکل اعمال خیر اور مقلوب موکل اعمال شر میں بناتے ہیں۔

یوں تو ہر اسم کے ایک ہزار خادم موکلات ہوتے ہیں لہٰذا موکل بنانے کے ایک ہزار طریقے بھی ہیں جبکہ کام ہر موکل کرتا ہے تو کیوں نہ ایسا موکل نکالا جائے جو آسان بھی ہو اور کام بھی خوب کرے۔لہٰذا ہم نے طرحی موکل بنانے کا طریقہ تحریر کیا ہے۔جبکہ کتاب ھٰذا میں حرفی موکل بھی تحریر کئے گئے ہیں۔

حرفی موکل بنانا

عملیات میں حرفی موکلات کا استعمال میرا معمول ہے اور میں نے موکلاتِ حرفی کو انتہائی مستعد پایا ہے۔ طریقہ اسکے بنانے کا بلکل سیدھا اور آسان ہے۔ مثلاً اسم باسط کا موکل حرفی بنائیں۔

اسم باسط کے عدد لیں ۷۲۔ (ابجد قمری میں ۲ کی قیمت ہوئی ب اور ۷۰ کی قیمت ہوئی ع) موکل وجود میں آیا۔ بعائیل۔

یعنی ب/۲، ع/۷۰ کے ساتھ ائیل کا اضافہ کردیا اور موکل حرفی تیار ہوگیا۔

موکل ملفوظی بنانا

اسمِ باسط کو ملفوظی کرلیں۔ مثلاً با= ۳، (ابجد ملفوظی میں با کی قیمت ۳ الف کی قیمت ۱۱۱ سین کی ۱۲۰ اور طا

الف=۱۱۱، کی قیمت ۱۰ ہے ان حروف کی قیمتوں کو جمع کرنے سے عدد حاصل

سین=۱۲۰، ہوا ۲۴۴ اب اس عدد سے جو موکل وجود میں آئیگا وہ موکل ملفوظی ہوگا)

طا=۱۰ اسمِ باسط کے عددِ ملفوظی ہوئے ۲۴۴ اور موکل وجود میں آیا مرائیل۔

یعنی د/۴، م/۴۰، ر/۲۰۰ کے ساتھ ائیل کا اضافہ کردینے سے موکل ملفوظی تیار ہوگیا جو کہ متعلق اسم کا جزوی موکل ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

موکلات حروفِ تہجی

ا	اسرائیل	ھ	دوردیائیل	ط	اسمائیل	م	وردیائیل	ف	سرحمائیل	ش	ھمرائیل	ذ	اھرائیل
ب	جبرائیل	و	رفتمائیل	ی	سراکیکائیل	ن	حولائیل	ص	اجمائیل	ت	عزرائیل	ض	عطکائیل
ج	کلکائیل	ز	شرفائیل	ک	حروزائیل	س	ھموئیل	ق	عطرائیل	ث	میکائیل	ظ	تورائیل
د	دردائیل	ح	تنکفیل	ل	طاطائیل	ع	لومائیل	ر	اموائیل	خ	ھمکائیل	غ	لوخائیل

موکلات بروج

حمل۔سرطائیل	ثور۔حرزائیل	جوزا۔اسرائیل	سرطان۔قیفائیل	سنبلہ۔ساکائیل	اسد۔شراطائیل
میزان۔قبمالائیل	عقرب۔صدصائیل	قوس۔صلمائیل	جدی۔حماکائیل	دلو۔تکازائیل	حوت۔طاطائیل

موکلات سیارگان

شمس۔کلدبائیل	قمر۔تغورائیل	مریخ۔صعائیل	عطارد۔بھرائیل
مشتری۔ارمسائیل	زہرہ۔شموصائیل	زحل۔اروقلائیل	

چاروں سمتوں کے موکل

مشرق۔دنیائیل	مغرب۔دردیائیل	جنوب۔صرفیائیل	شمال۔ایسائیل

قبلہ ۔ اینائیل

﴿بسم اللہ الرحمٰن الرحیم﴾

اوقاتِ عملیات

قوانینِ نجوم کے مطابق عملیات کے کاموں کے لئے سال کو تقسیم کیا گیا پھر مہینوں کو تقسیم کیا گیا پھر ہفتوں کو تقسیم کیا گیا پھر دنوں کو تقسیم کیا گیا پھر گھنٹوں کو تقسیم کر کے طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک بارہ ساعتیں اور غروب آفتاب سے طلوع آفتاب تک بارہ ساعتیں ترتیب دی گئیں ہیں۔ قوانین نجوم کے مطابق قمری اٹھائیس منازل ترتیب دی گئیں ہیں۔ قوانین نجوم کے مطابق بروج کا طالع وقت دریافت کرنے کی ترکیب دی گئی ہے۔

یعنی عامل حضرات جب بھی عملیات سے متعلق کوئی بھی کام کرنا چاہیں تو ان تینوں قوانین نجوم کو فالو کرنا نہایت ضروری ہوگا۔

نوٹ: کام کے مطابق ساعت، طالع بُرج، قمر کی منزل ہونا لازمی ہے ان تینوں قوانین نجوم کو مدِ نظر رکھ کر کام کیا جائے ورنہ کامیابی نہیں ہوگی۔

نوٹ: نحس ایام، قمر در عقرب، نحس نظرات، مقابلہ تربیع، نحس قرآنات، نحس ساعات میں اعمال خیر (سعد اعمال) سے گریز کریں۔

عامل ہر سال کی جنتری خرید کر اپنے پاس رکھے یہ لازمی ہے کیونکہ جنتری کے ذریعے آپ طلوع و غروب آفتاب، منازل قمر، تثلیث وتسدیس، کواکب، قمر در عقرب، سعد ونحس ایام، قرانات، نظریات، گرہن، قمری تاریخیں وقتِ نجوم طالع وغیرہ وغیرہ کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

تقسیم سال

سال کے کس حصہ میں کون سا عمل کیا جا سکتا ہے

سب سے اول سال بھر کی تقسیم کو سمجھیں کہ کون کون سے بروج کس کس قسم کے ہیں اور ان کی تاثیر کس قسم کے مقاصد میں مدد دے سکتی ہے بروج کی تین ماہتیں ہیں اس سے یہ معلوم ہوگا کہ آپ کا کام سال کے کس حصہ میں کیا جا سکتا ہے۔

(ا)	منقلب بروج،	حمل، سرطان، میزان، جدی
(ب)	ثابت بروج،	ثور، اسد، عقرب، دلو
(ج)	ذوجسدین بروج	جوزا، سنبلہ، قوس، حوت

(ا) بروج منقلب کا مطلب ہے وہ بروج جن میں شمس کو انقلاب آتا ہے۔ دن رات اور موسموں میں تبدیلی آتی ہے ان مہینوں میں مقہوری اعداء، بغض ونفاق، بلا کی دشمنی سرگردانی اور جملہ انقلابی کاموں کو کیا جاتا ہے مثلاً: تبدیلی کرنا۔

حمل کا زمانہ	۔	مارچ ۲۲ تا اپریل ۲۰
سرطان کا زمانہ	۔	جون ۲۲ تا جولائی ۲۳
میزان کا زمانہ	۔	ستمبر ۲۴ تا اکتوبر ۲۳
جدی کا زمانہ	۔	دسمبر ۲۳ تا جنوری ۲۰

(ب) **بروج ثابت:** یہ بروج قیام کے کہلاتے ہیں۔ ان میں سورج کی رفتار کو قیام اور یکسانیت آجاتی ہے۔ لہذا اگر عمل ثبات دولت، افزونی جاہ و عزت و مرتبہ۔ کشائش رزق کے ہوں تو ماہ ہائے ثابت میں کئے جاتے ہیں اور بھی وہ تمام کام جن میں ثبات درکار کریں۔ مثلاً جائیداد کی بقا، گریختہ کو باندھنا کہ وہ بھاگ نہ جائے۔ جائیداد کو تلف ہونے سے بچانا کسی کی ملازمت کا خطرہ ہو تو اسے استحکام دینا، روپیہ پیسہ ہاتھ میں نہ ٹھہرنا یا زوجین کی الفت قائم نہ رہتی ہو، غرضیکہ وہ تمام کام جن میں استحکام و ثبات کی ضرورت ہو کریں۔

ثور کا زمانہ ۔	اپریل	۲۱ تا	مئی	۲۱	
اسد کا زمانہ ۔	جولائی	۲۴ تا	اگست	۲۳	
عقرب کا زمانہ	۔	جنوری	۲۱ تا	مارچ	۲۱
دلو کا زمانہ ۔	جنوری	۲۱ تا	مارچ	۲۱	

(ج) بروج ذوجسدین کو مستطیع بھی کہتے ہیں ان میں آفتاب کا اعتدال ہوتا ہے یعنی نہ سعد نہ نحس ان میں اعمال حب وتسخیر، ترقی اور کامیابی کے لیے کئے جاتے ہیں۔ ان میں سے تین برج جوزا، قوس وحوت جوڑا جوڑا ہیں جوزا میں دو بچے، قوس میں آدمی وگھوڑے کی شکل اور حوت میں دو مچھلیاں ہیں لہٰذا ان بروج میں دو شخصوں کو آپس میں ملا دینے کی تاثیر ہوتی ہے شادی وتسخیر کے عمل اسی ماہ کرنے چاہئیں۔

جوزا کا زمانہ	۔	مئی	۲۲ تا جون ۲۱
سنبلہ کا زمانہ	۔	اگست	۲۴ تا ستمبر ۲۳
قوس کا زمانہ	۔	نومبر	۲۳ تا دسمبر ۲۲
حوت کا زمانہ	۔	فروری	۲۰ تا مارچ ۲۱

یہ عین ممکن ہے کہ کسی شخص کو ان مہینوں میں ایسے کام کرنے پڑیں جو اس کام کے متعلق نہیں ہیں۔ مثلاً منقلب مہینوں میں ثابت کا کام کرنا ہے اور ثبات کے مہینے کا انتظار کرتے ہوئے دیر ہونے کا اندیشہ ہے تو اسکا طریقہ یہ ہے کہ جب بھی کام کرنا ہو طالع وقت کو لیں جو ثابت ہو اور قمر بروج ثابت میں ہو تو انشاءاللہ کام ہو جائے گا۔

تقسیم ماہ

مہینے کے کس حصہ میں کون سا عمل کیا جا سکتا ہے

اس امر کے لیے مہینے کے تین حصے کئے گئے ہیں۔ جو مخصوص کاموں سے وابستہ ہیں یہ دس دس دنوں کے ہوں گے اور ماہ قمری شمار ہو گا۔

اوّل عشرہ: میں افزونی جاہ ومرتبہ وحُسن وترقی اور حصول کے عملیات کرنے چاہئیں۔

دوسرا عشرہ: میں ائتلاف وصل، جذب قلوب، قضائے حاجات وغیرہ کے عمل کرنے چاہئیں۔ خصوصاً تیرھویں وچودھویں کو۔

تیسرا عشرہ: میں ذلتِ عدو، خرابی زراعت، باغ ومویشی، قطع اولاد، ہلاکی دشمن وغیرہ کے عمل کرنے چاہئیں خصوصاً آخری تین راتیں بہت مؤثر ہوتی ہیں، اٹھائیسویں، انتیسویں اور تیسویں رات۔

بعض علماء نے ایک ماہ کے چار حصے کئے ہیں۔ پہلا ہفتہ دوستی کا، دوسرا خواب بندی کا، تیسرا زبان بندی کا اور چوتھا دشمنی کے کاموں کے لئے گنتے ہیں۔

تقسیم ہفتہ

کس دن کون سا عمل کیا جا سکتا ہے؟

ہر دن ایک مخصوص اثر کا حامل ہوتا ہے اور اسی اثر کا اس دن کام کرنا کامیابی دیتا ہے۔

پیر:	وسعت رزق، تسخیر، شفائے امراض۔
منگل:	نفاق و عداوت۔
بدھ:	ترقی مرتبہ، تسخیر حکام، زبان بندی۔
جمعرات:	ترقی و دولت۔
جمعہ:	محبت
ہفتہ:	بلا کی سرگردانی اعداء، زبان بندی۔
اتوار:	ترقی تسخیر امراء و حکام معزز لوگ۔

﴿ بسم اللہ الرحمن الرحیم ﴾

طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک غروب آفتاب سے طلوع آفتاب تک دن اور رات کے 24 گھنٹوں (ساعتوں) کو عملیات کے کاموں کیلئے تقسیم کر دیا گیا ہے لہٰذا عاملین حضرات اس جدول کے مطابق عمل کریں۔

	ساعت	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	16	17	18	19	20	21	22	23	24
اتوار		شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
		محبت	نحوس	سفر	نحوس	عداوت	کام پورا	نحوس	جادو جلال	محبت	نیک مقصد	علم	نقصان	محبت	سفر	نکاح	پیار کرنا	عداوت	علم	زبان بندی	صلح محبت	جدائی	محبت	عداوت	محبت
پیر		قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
		محبت	سفر	نکاح	پیار کرنا	حاجت	علم	زبان بندی	صلح محبت	جدائی	محبت	عداوت	محبت	بغض	نحوس	نکاح	برکت	نحوس	پیار کرنا	محبت	عداوت	محبت	نحوس	سفر	بغض
منگل		مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
		بغض	نحوس	نکاح	برکت	نحوس	بیمار	محبت	عداوت	محبت	نحوس	سفر	بغض	قبول محبت	نحس	روز افزوں	اعمال خیر	عداوت	سفر	محبت	طلاق	عداوت	حکام سے مدد	قبول	عداوت
بدھ		عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
		قبولیت	نحس	روز افزوں	مال خیر	عداوت	سفر	محبت	طلاق	عداوت	وزارت مدد	قبول	عداوت	قبول محبت	پیار کرنا	محبت	محبت	عقد	سفر	عداوت	محبت	وزارت مدد	حاجت	محبت	نحس
جمعرات		مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
		قبول محبت	پیار کرنا	محبت	محبت	عقد	سفر	عداوت	محبت	وزارت مدد	حاجت	محبت	نحس	نکاح	علم	نحس	وظیفہ	محبت	حاجت	جادو جلال	محبت	بدکام	جدائی	نحس	محبت
جمعہ		زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
		نکاح	علم	نحس	کشوں کشادہ	محبت	حاجت	جادو جلال	محبت	بدکام کیلئے	جدائی	نحس	محبت	محبت	صلح	بغض	جاہ	محبت	شکار	بچھڑنا کرے	ہلاک دشمن	محبت	قدرت	صلح	قبول
ہفتہ		زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
		محبت	صلح	بغض	جادو جلال	محبت	شکار	بچھڑنا کرے	ہلاک دشمن	محبت	عداوت	صلح	قبول	محبت	نحوس	سفر	نحوس	عداوت	کام پورا ہو	نحوس	جاہ	محبت	بدکام	علم	نقصان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

طالع وقت نکالنے کا کلیہ بطریقِ نجوم ہند و نجوم یونان

	سورج کا بُروج میں قیام	بروج	دقیقہ بطریق نجوم ہند	دقیقہ وثانیہ بطریق نجوم یونان
مریخ	21 مارچ سے 20 اپریل	حمل نمبر 1	3	3 دقیقہ 45 ثانیہ
زہرہ	21 اپریل سے 21 مئی	ثور نمبر 2	4	4 دقیقہ 15 ثانیہ
ستارے کی طبع	خاکی	جنس برج	موئث
خاصیت طبع ستارہ	جمالی	مزاج برج	سرد خشک
رنگ طبع ستارہ	سیاہ	ذائقہ برج	تلخ
ست طبع ستارہ	جنوب	وقت برج	لیلی

۹ ۲۳۸۸

یَا فتاحُ یَا رزّاقُ

اا لد لد ٥ لہ

ان اسماء مبارکہ اور طلسمات کو اپنے ستارے کے شرف یا عروج یا تثلیث یا تسدیس یا سعد قران میں ستارے کی دھات کے لاکٹ پر بنوا کر پہنیں۔

(مرکز الروحانی مقربیہ۔ خادم فقیر سلیم حسین قادری۔ رابطہ۔ 0300-3632186)

﴿ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ﴾

جدولِ سیارگان

ستارہ عدد نمبر	۲۰۰ شمس 1/4	۳۳۰ قمر 2/7	۸۵۰ مریخ 9/5	۲۸۳ عطارد 5/9	۹۵۰ مشتری 3/6	۲۱۷ زہرہ 6.3	۳۵ زحل 8/1
دوست۔ستارے	مریخ۔قمر۔مشتری	شمس۔عطارد	شمس۔مشتری۔قمر	شمس۔زہرہ	شمس۔قمر۔مریخ	عطارد۔زحل	عطارد۔زہرہ
دشمن۔ستارے	زحل۔زہرہ	کوئی نہیں	عطارد	قمر	عطارد۔زہرہ	شمس۔قمر	شمس۔قمر۔مریخ
مساوی۔ستارے	عطارد	زہرہ۔زحل۔مریخ۔مشتری	زحل۔زہرہ	مریخ۔مشتری۔زحل	زحل	مریخ۔مشتری	مشتری
موکل	کلکائیل	تنکوائیل	صحائیل	بحرائیل	ارسائیل	شموسائیل	اروقائیل
بروج	اسد	سرطان	حمل۔عقرب	جوزا۔سنبلہ	حوت۔قوس	ثور۔میزان	جدی۔دلو
پتھر	عقیق سرخ۔یاقوت۔ہیرا	مروارید، اوپل، الماس، عقیق سفید	بلڈ اسٹون، مونگا، مرجان، زبرجد	زمرد۔فیروزہ	پکھراج۔لعل	پکھراج۔ہیرا	نیلم یاقوت۔لاجورد سنگ موسیٰ
رنگ	اورنج طلائی	سفید۔سبز	سرخ	فروزی	سبز	نیلا۔سبز	سیاہ
دھات	سونا	چاندی	لوہا	پلاٹینم۔المونیم	قلعی۔ٹن	تانبہ	سکّہ
خوشبو	مشک	گلاب۔کیوڑا	عطر گل	مجموعہ	گلاب	سہاگ	حنا
بخور	عود	لوبان	سندرس	مصطگی	حب الغار	زعفران	میعہ سائلہ
دن	اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
طبع	آتشی	آبی	آتشی	بادی	آتشی	بادی	خاکی
خاصیت طبع	جلالی	جمالی	جلالی	جلالی	جلالی	جلالی	جمالی
رنگ طبع	سرخ	نیلا۔سفید	سرخ	زرد	سرخ	زرد	سیاہ
سمت طبع	مشرق	شمال	مشرق	مغرب	مشرق	مغرب	جنوب

جدول بروج مکمل

بروج	حمل 1	ثور 2	جوزا 3	سرطان 4	اسد 5	سنبلہ 6	میزان 7	عقرب 8	قوس 9	جدی 10	دلو 11	حوت 12
عدد نمبر	78	706	17	320	65	147	108	372	166	17	40	414
موکل	سرطائیل	حرزائیل	اسرائیل	قیفائیل	شراطائیل	ساکائیل	فہم الائیل	صدصائیل	صلصتائیل	ہماکائیل	سلازائیل	طاطائیل
دوست برج	اسد، میزان	سنبلہ۔ عقرب	میزان، قوس، دلو	عقرب	حمل۔ قوس	ثور، حوت، جدی	جوزا، حمل	ثور، سرطان	جوزا، دلو، اسد	سنبلہ	جوزا، قوس	سنبلہ
دشمن برج	سنبلہ، عقرب، ثور	میزان، حمل	کوئی نہیں	کوئی نہیں	حوت	حمل	ثور	حمل	کوئی نہیں	کوئی نہیں	کوئی نہیں	اسد
رنگ	زرد، سرخ	سیاہ	ہاف وائٹ	سفید	سرخ	سیاہ	کریم کلر	سفید	سرخ	سیاہ، سبز	سفید، سبز	سفید
پتھر	بلڈ اسٹون اوپل	عقیق بھورا عقیق سرخ	زمرد	نیلم، سنگ ستارہ	زمرد، یاقوت	ہیرا سنگ یشم	اوپل کار کینک	پکھراج ملیے جائٹ	فیروزہ کا کینک	سنگ سلیمانی، یاقوت پلک	نیلم، یاقوت	مروارید حجر القمر
طبع	آتشی	خاکی	بادی	آبی	آتشی	خاکی	بادی	آبی	آتشی	خاکی	بادی	آبی
رنگ طبع	سرخ	سیاہ	زرد	نیلا، سفید	سرخ	سیاہ	زرد	نیلا، سفید	سرخ	سیاہ	زرد	نیلا، سفید
خاصیت طبع	جلالی	جمالی	جلالی	جمالی	جلالی	جمالی	جلالی	جمالی	جلالی	جمالی	جلالی	جمالی
سمت طبع	مشرق	جنوب	مغرب	شمال	مشرق	جنوب	مغرب	شمال	مشرق	جنوب	مغرب	شمال
ماہیت	منقلب	ثابت	ذوجسدین	منقلب	ثابت	ذوجسدین	منقلب	ثابت	ذوجسدین	منقلب	ثابت	ذوجسدین
جنس	مذکر	مؤنث	مذکر	مؤنث	مذکر	مؤنث	مذکر	مؤنث	مذکر	مؤنث	مذکر	مؤنث
مزاج	گرم خشک	سرد خشک	گرم تر	سرد تر	گرم خشک	سرد خشک	گرم تر	سرد تر	گرم خشک	سرد خشک	گرم تر	سرد تر
ذائقہ	شیریں	تلخ تیز	تلخ شور	شیریں	شیریں	تلخ تیز	شور	شیریں	شیریں	تلخ	شور تلخ	شیریں
وقت	روزی	لیلی	روزی	لیلی	روزی	لیلی	روزی	لیلی	روزی	لیلی	روزی	لیلی

خواص ہفت سیارگان

(۱) زحل:۔

یہ سیارہ ہفتہ کے دن کا مالک ہے لاغر اندام، دراز قد، سیاہ رنگ، سر اور بدن پر گھنے بال۔ ناخن و دندان کلاں، جاہل، بے عقل اور غیبت کنندہ، مزاج سوداوی۔ اسکے بروج جدی اور دلو ہیں۔ جب اس کا دور کسی انسان پر شروع ہوا ہے تو بنے بنائے کام خراب کر دیتا ہے۔ کئی کام شروع کر کے ادھورے چھوڑ دیتا ہے دل مطمئن نہیں رہتا، جمع شدہ روپیہ پیسہ سب ضائع کر دیتا ہے۔ اگر اس کے دوران محبت والفت کرے تو ناکام رہ جاتا ہے۔ بڑا ذہین ہوتا ہے اگر کامیاب ہو جائے تو وزیر ملیات تک پہنچ جاتا ہے اس کی ساعت یا متعلقہ یوم میں بغض، عداوت، زباں بندی، تباہی و بربادی کے تعویذات لکھے جاتے ہیں۔ درجۂ اول میں منحوس ہے۔ ہفتہ کے دن پیدا ہونے والا مولود دین و مذہب کے مخالف لوگوں سے تعلقات رکھتا ہے۔ احسان اور نیکی فراموش ہوتا ہے، خود پسند اور چغلخور ہوتا ہے اپنے عزیز و عقربا کو تکلیف دیتا ہے۔ صفراوی و بلغمی امراض لاحق ہوتے ہیں بلحاظ عمر اسکا طبعی دور ۱۹ سال کا ہے۔ ولادت سے ایک ماہ۔ ۱۲ سال ۳۳۔۴۴۔ ۵۷ سال کی عمر میں بیماریوں کا خطرہ ہے۔ ماش سالم سیاہ کپڑا حسب استطاعت۔ اور سری بکری سیاہ صدقہ دینا فائدہ مند ہے۔ طبعی عمر سو (۱۰۰) سال ہے۔

(۲) شمس:۔

یہ سیارہ اتوار کے دن کا مالک ہے۔ بیدار چشم۔ فربہ اندام، میانہ قد، بال کم، ہوشیار، زور آور، مضبوط جسم، رنگ سرخ اور مزاج صفراوی ہے۔ اسکا برج اسد ہے۔ جب اسکا دور شروع ہوتا ہے لڑائی جھگڑا پیدا ہو جاتا ہے جمع شدہ رقم ختم ہو جاتی ہے۔ یار دوست اور رشتہ دار منہ پھیر لیتے ہیں اس کے دوران رزق، بیماری، جادو اور سحر کے لیے تعویذات کیے جاتے ہیں۔ اتوار کے دن کا مولود تونگر، دولتمند، صاحب اختیارات، غصہ اور حسن وشہوت پرست ہوتا ہے۔ پیدائش سے ایک ماہ۔ ۹ سال ۱۳ اور ۳۲ سال میں بیماری کا خطرہ ہے۔ عمر طبعی ساٹھ سال ہے۔ بلحاظ عمر اسکا طبعی دور چھ سال کا ہے۔ اسکا عہدہ بادشاہت کا ہے۔

(۳) قمر:۔

یہ سیارہ پیر کے دن کا مالک ہے۔ پاکیزہ بدن، سفید رنگ، بلغمی و بادی مزاج، شیریں سخن، دراز قد، کم عقل ہے۔ اسکا برج سرطان ہے۔ جب اسکا دور شروع ہوتا ہے تو انسان کو خود غرض بنا دیتا ہے۔ مال و دولت کا سیارہ ہے۔ لوگوں کے دلوں میں اسکی محبت ہوتی ہے لیکن یہ کسی کی پروانہیں کرتا۔ تنہائی پسند ہے۔ عہدہ وزارت۔ اسکا دور ۱۰ سال کا ہے۔ پیر کے دن پیدا ہونے والا مولود خوش خوراک، حسن پرست، صاحب علم وفن، ہنر مند اور صاحب مروت ہے۔ پیدائش سے چار سال۔ ۱۲۔ ۱۶۔ ۲۷ اور ۴۲ سال میں بیماری کا خطرہ ہے۔ اسکی طبعی عمر ۸۰ سال ہے۔

(۴) مریخ:۔

یہ سیارہ منگل کے دن کا مالک ہے، نامہربان، پُرغصہ، کوتاہ قد، جوان، سرخ رنگ، ابلق اندام، سینہ پُرزور اور مزاج دموی ہے۔ یہ سیارہ بھی منحوس ہے اسکے برج حمل وعقرب ہیں جس وقت اسکا دور شروع ہوتا ہے قید کرواتا ہے، قتل کرواتا ہے، بنے بنائے کام بگاڑ دیتا ہے۔ اس سیارے والے لوگ ضدی ہوتے ہیں اپنی دھن میں لگے رہتے ہیں۔ اسکی ساعت کے دوران ولاکت وزبان بندی وغیرہ کے تعویذات کیئے جاتے ہیں اگر اسکے دور میں بیماری لاحق ہوجائے تو ساری زندگی ہٹنے کا نام نہیں لیتی۔ اسکا طبعی دور ے سال کا ہے۔ منگل کے دن پیدا ہونے والا مولود جاہل مگر ہر دلعزیز، دولتمند، سنگدل دینی کتب سے منخر، بداعتقاد، کافر، منکر خدا ہوتا ہے۔ تیسرے اور بتیسویں سال بیماری اور سانپ وبچھو کے ڈسنے کا خطرہ ہے۔ طبعی عمر ۷۰ سال ہے اسکا عہدہ جلاّدکا ہے۔

(۵) عطارد:۔

یہ سیارہ بدھ کے دن کا مالک ہے۔ میانہ قد، شیریں سخن، سبز رنگ، فہیم وعقیل، زور آور، مضبوط جسم، بھورے بال، مزاج صفراوی بلغمی ہوتا ہے۔ اسکے بروج جوزا اور سنبلہ ہیں یہ سعد کے ساتھ نیک اور نحس کے ساتھ بُرے اثرات قبول کرلیتا ہے۔ بزرگوں میں بیٹھنا پسند کرتا ہے۔ بڑا رحم دل ہے کہ نقصان کے باوجود بھی لوگوں کا ساتھ نہیں چھوڑتا اسکے دور میں انسان علم وحکمت اور علم جفر وکیمیا وغیرہ کی تحصیل کا شوق رکھتا ہے۔ اسکا طبعی دور ۱۷ سال کا ہے۔ بدھ کے دن کی پیدائش والا مولود صاحب دین وایمان ہوتا ہے۔ نیک بخت، پاکیزہ تن، دولتمند اور نیک ہوتا ہے۔ عابد وپرہیزگار اور بہت خیرات کرنے والا ہوتا ہے۔ ۸۔۱۶۔۲۳ سال میں بیماری کا خطرہ ہے۔ طبعی عمر ایک سو (۱۰۰) سال ہے۔ اسکا عہدہ میر منشی کا ہے۔

(۶) مشتری:۔

یہ جمعرات کے دن کا سیارہ ہے۔ فربہ اندام، کوتاہ قد، خورد چشم، ذی عقل، رنگ، مزاج بلغمی، مضبوط جسم۔ اسکے بروج قوس وحوت ہیں۔ سعد سیارہ ہے۔ جب کسی انسان پر اسکا دور شروع ہوتا ہے تو اسے حج وزیارات کا شوق، مساجد بنانا، کنواں لگوانا، عمارت بنانا وغیرہ کاموں کی طرف توجہ ہوتی ہے۔ اگر مددگار سیارہ سعد مل جائے تو بہت اچھا کردیتا ہے ورنہ دب جاتا ہے۔ اس میں روزگار، محبت و نفرت کے لیے تعویذات لکھے جاتے ہیں۔ اسکا طبعی دور ۱۶ سال کا ہے۔ مشتری کے دن پیدا ہونے والا مولود صاحب علم ومجاہدہ، ماہر علوم اسلامیات، متخیّر وسخی ہوتا ہے۔ بیٹے اور پوتے بہت ہوتے ہیں۔ کینہ پرور، رعایا وملازم اس سے خوش ہوں۔ آنکھ کی بیماری اکثر رہے۔ ۷۔۱۱۔۲۲ سال میں بیماری کا خطرہ ہے طبعی عمر ۹۰ سال ہے۔ یہ عہدہ قضاء رکھتا ہے۔

(۷) زہرہ:۔

یہ جمعہ کے دن کا مالک ہے۔سفید رنگ، بال سیاہ و چمکدار۔ہنس مکھ، شیریں سخن، مدبر و مفکر، خردمند، علم موسیقی کا شوقین اور مزاج بلغمی ہوتا ہے اسکے بروج ثور و میزان ہیں یہ بھی سعد سیارہ ہے اس کا دور شروع ہوتے ہی اپنے ساتھ اچھائیاں اور بھلائیاں لاتا ہے۔لوگوں میں کافی عزت ہوتی ہے۔روپیہ پیسہ اور مال و دولت خوب ملتا ہے۔خیالات بلندی ہوتی ہے خرچ و اخراجات وسیع پیانہ پر ہوتے ہیں اسکا طبعی دور ۲۰ سال کا ہے۔اسکا عہدہ مغنیہ (گویا) کا ہے۔اسکی ساعت میں پیدا ہونے والا مولود عالم دین، خوش پوشاک، خوش خوراک، دولتمند جسم وخوبصورت ہر قسم کے اسباب و پوشاک نفیس کا شوقین ہوتا ہے۔راگ رنگ سے زیادہ رغبت ہوتی ہے لواحقین و ملازمین کی قدر اور پرورش کرتا ہے اکثر امراض بلغمی و بادی لاحق ہوتے ہیں۔۱۴۔۱۰۔۲۱۔۴۰ سال میں بیماری کا خطرہ ہے۔طبعی عمر ساٹھ سال ہے۔

حالاتِ سیارگان

سیاروں کی رجعت واستقامت

قمر وشمس کے علاوہ پانچوں سیارے مریخ، عطارد، مشتری، زہرہ اور زحل کبھی کبھی الٹے چلنے لگتے ہیں اس گردش کو "رجعت" کہتے ہیں جب کوئی سیارہ اپنی رجعت ختم کر کے راستی اختیار کر جاتا ہے تو اسکو "مستقیم" کہتے ہیں۔ رجعت کی حالت میں ہر سیارہ نحس ہو جاتا ہے اور سعد سیاروں کی مثال ایسی ہو جاتی ہے جیسے کوئی بادشاہ اپنی سلطنت سے معزول کر کے بھکاری بنا دیا گیا ہو۔ راس وذنب ہمیشہ الٹے چلتے ہیں۔

سیاروں کی دوستی اور دشمنی

حکمائے نجوم نے بعض سیاروں کے مابین دوستی اور بعض سیاروں کے درمیان دشمنی ظاہر کی ہے۔ مثلاً شمس کی قمر سے، مریخ کی مشتری سے دوستی ہے اور زحل، زہرہ، راس اور ذنب سے دشمنی بعض سیارے آپس میں کوئی تعلق نہیں رکھتے لیکن علمائے عرب سیاروں کی اس مستقل دوستی یا دشمنی کو نظر انداز کر دیتے ہیں اور اسکی بجائے وہ یہ دیکھتے ہیں کہ زائچہ میں کون سیارہ کس سیارے کو دوستی کی نظر سے دیکھ رہا ہے اور کس سیارے کو دشمنی کی نظر سے۔ یہ طریقہ زیادہ صحیح اور قابل وثوق بھی ہے۔ تازی قاعدہ کے مطابق ہر سیارہ اپنے تیسرے، پانچویں، نویں اور گیارہویں خانہ کے سیارے کو دوستی یا نیم دوستی کی نظر سے دیکھتا ہے۔ اور چوتھے، ساتویں، دسویں خانے کے سیارے کو دشمنی یا نیم دشمنی کی نظر سے دوسرا، چھٹا، آٹھواں اور بارھواں خانہ سے ساقط ہے۔

سیاروں کی مختلف حالت

یاد رہے کہ سبعہ سیارگان میں شمس اور قمر کو نیرین کہتے ہیں۔ شمس نیرِ اعظم اور قمر نیرِ اصغر کہلاتا ہے۔ دیگر پانچ ستاروں کو خمسہ متحیرہ کہتے ہیں۔ زہرہ و مشتری دونوں سیارے سعدین کہلاتے ہیں۔ زہرہ کو سعدِ اصغر اور مشتری کو سعد اکبر کہا جاتا ہے۔ مریخ اور زحل کو نحسین کہتے ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جدول دوستی و دشمنی بروج (اوصاف حامل برج)

دوست بروج	حمل - اسد	ثور - عقرب	جوزا - قوس - دلو	سنبلہ - حوت	میزان - حمل
دوست بروج	ثور - سنبلہ	جوزا - میزان	سرطان - عقرب	اسد - قوس	سنبلہ - جدی
دشمن بروج	اسد - حوت	حمل - سنبلہ	حمل - عقرب	ثور - میزان	حمل - ثور

برج	خصائل	اوصاف
نمبر1 حمل	تعمیری خصائل	ہمت والے - مضبوط قوت ارادی والے - خود مختار - باذوق
	تخریبی خصائل	بے صبر - غصہ والے - جلد باز - چالاک - جذباتی - پھرتیلا
نمبر2 ثور	تعمیری خصائل	خود اعتمادی - مستقل مزاجی - محبت کرنے والے - غیر جانبدار - جفاکش - محنتی
	تخریبی خصائل	حاسد - جلد مشتعل ہونے والے - سرکش - ضدی - غالب رہنے کے خواہش مند
نمبر3 جوزا	تعمیری خصائل	ہوشیار - وجدانی - پاکیزہ خیالات - شفیق و مہربان - ضابطے کے پابند - صاحب فکر
	تخریبی خصائل	مضطرب - بہت چالاک - غلط فہمیاں پیدا کرنے والے - شبہ کرنے والے - شکی
نمبر4 سرطان	تعمیری خصائل	خود اعتماد - مہربان - گہری سوچ رکھنے والے - ثابت قدم - وفادار - حساس
	تخریبی خصائل	خود غرض - ہنگامہ خیز - ہیجانی - کسی کے ساتھ بھی چپک جانے والے۔
نمبر5 اسد	تعمیری خصائل	ہمت دلانے والے - مہربان - بے غرض - ایثار والے - حق پسند - معاف کرنے والے
	تخریبی خصائل	مشتعل - جلد باز - غلط فہمی میں مبتلا کرنے والے ہونے والے - باقوت لوگ
نمبر6 سنبلہ	تعمیری خصائل	بے غرض - ایثار والے - حق پسند - ہوشیار - وجدانی - خوددار - باغیرت
	تخریبی خصائل	ناموافق - بے صبر - بہت چالاک - حاسد - غم کرنے والے - فائدہ پسند - بے تکلف
نمبر7 میزان	تعمیری خصائل	صالح - وجدانی - باحیا - باشعور - شفقت آمیز - شائستہ - دلائل پیش کرنے والے
	تخریبی خصائل	غمگین - اظہار پسند والے - افسوس میں مبتلا رہنے والے - اداس دل لوگ
نمبر8 عقرب	تعمیری خصائل	مضبوط قوت ارادی والے - باعزت - تکریم والے - ثابت قدم
	تخریبی خصائل	سخت گیر - جاذب - بے صبر - مضطرب - حاسد - گرم مزاج - تیز طبع والے لوگ
نمبر9 قوس	تعمیری خصائل	ہمدرد - انصاف پسند - گہری نظر والے - خود مختار - صاحب عزت - بے ریا - آزادی پسند - بامعرفت
	تخریبی خصائل	مشتعل - تیز مزاج - غلط فہمی میں مبتلا ہونے والے - غلط سلط باتوں پر کان دھرنے والے
نمبر10 جدی	تعمیری خصائل	خود اعتماد - پاکیزہ - گہرا سوچنے والے - پرامن - سخنورانہ قوت والے - خود مختار - غیرت مند - دلکش
	تخریبی خصائل	خود غرض - حد سے زیادہ خود مختار - عملی رجحان رکھنے والے - شائق مطالعہ
نمبر11 دلو	تعمیری خصائل	مدد کرنے والے - بے غرض - ایثار والے - ہوشیار - وجدانی - باحیا - شائستہ - محبت والے
	تخریبی خصائل	بے حد جذباتی - حکمرانی سوچ رکھنے والے - مایوس کرنے والے - مشکوک - بے سوچے سمجھے کچھ بھی کر گزرنے والے
نمبر12 حوت	تعمیری خصائل	منصف - مہربان - وجدانی - باحیا - باشعور - مصالحت کرانے والے - دلیر بننے والے - قابل اعتماد - روحانی قوت سے متاثر ہونے والے
	تخریبی خصائل	غلط فہمی میں مبتلا ہونے والے - غمگین - ضدی - سرکش - جنونی عاشق - بحث کرنے والے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کس برج کا کونسا ستارہ ہے۔ جدول بروج وسیارگان برائے فطرت حاملین

دوست ستارے ☆ دشمن ستارے ☆ مساوی ستارے

نام ونمبر بروج	جدی - 10 دلو - 11	حوت - 12 قوس - 9	حمل - 1 عقرب - 8	اسد - 5	ثور - 2 میزان - 7	جوزا - 3 سنبلہ - 6	سرطان - 4
نام ونمبر سیارگان	زحل نمبر7 ہفتہ	مشتری نمبر5 جمعرات	مریخ نمبر3 منگل	شمس نمبر1 اتوار	زہرہ نمبر6 جمعہ	عطارد نمبر4 بدھ	قمر نمبر2 پیر
دوست ستارے	عطارد زہرہ	شمس قمر مریخ	شمس مشتری قمر	مریخ قمر مشتری	عطارد زحل	شمس زہرہ	شمس عطارد
دشمن ستارے	شمس قمر مریخ	عطارد زہرہ	عطارد	زحل زہرہ	شمس قمر	قمر	کوئی نہیں
مساوی ستارے	مشتری	زحل	زحل زہرہ	عطارد	مریخ مشتری	مریخ مشتری زحل	مریخ مشتری زہرہ زحل

سیارہ	خصائل	
نمبر1 **شمس**	تعمیری خصائل	تخلیقی قوت، اقتدار، فراخ دلی، سنجیدگی، شرافت، نام ونمود، جاہ وجلال، طاقتور، بااختیار، دست گیر، دولت مند، کاروباری۔
	تخریبی خصائل	نمائشی، مطلق العنان، جابر، ظاہردار، تحکم پسند، آوارہ گرد، شہر بدر، جلاوطن، گمنام
نمبر2 **قمر**	تعمیری خصائل	صاف گوئی، پاکیزگی، مہربانی، حیا، مادرانہ شفقت، شہرت، سفر، تجارت، دولت، رائے عامہ، پرسکون، سرد مزاجی
	تخریبی خصائل	خیالی پلاؤ پکانے والے، فضول خرچ، شوقین، آسانی کے ساتھ زیر اثر آنے والے، غیر متوقع تنزلی، صحت کی خرابی
نمبر3 **مریخ**	تعمیری خصائل	دلیری، تعمیر، عزم وہمت، بیرونی امور، سخت مزاجی، جنگ جو، پائیداری، ذاتی پوزیشن بنانا، ادائیگی فرض، استقلال، بااختیار
	تخریبی خصائل	اپنے لئے جھگڑا [illegible] والے، فضول خرچ، بے صبر، احساس، جذباتی، خام، خود پسند، [illegible]، عدم استقلال
نمبر4 **عطارد**	تعمیری خصائل	ذہانت، مطالعہ، تحقیق، احساس، چالاکی، منطق، رنگین بیانی، کاروباری کامیابی، ترقی، طعنہ دینے والے، مذہب سے بیزار، ناپاک، برے خیالات
	تخریبی خصائل	کمزور ذہن، غمگین، پریشان حالی، خود بین، خام خیالی، کہانیوں کی دنیا میں رہنے والے۔
نمبر5 **مشتری**	تعمیری خصائل	شرافت، خلوص، نرم دلی، مذہبی، کاروباری، وفاداری، عزت، شہرت، وقار، دولت، لاٹری، توقیر، وراثت، تبدیلی حالات
	تخریبی خصائل	احساس برتری اور خوش فہمیوں میں مبتلا رہنے والے، زیادہ خرچ، نفس پرست، عیاش طبع، فتنہ گری، دہشت خوری، [illegible]، جبر کا عادی
نمبر6 **زہرہ**	تعمیری خصائل	محبت، عشق، موافقت، ہمدردی، جذبات، شائستگی، سوشل ورک، نرمی، سلامت روی، جذبہ پرستی، امانت، سعادت، انس، فن
	تخریبی خصائل	جذباتی، بدمست، نمائشی، خود آرا، بازاری، عیاش، شہوت پرست، فضول خرچ، جذبات انس ومحبت کی کمی، گناہ گاری، بدنام، گندہ پیشہ
نمبر7 **زحل**	تعمیری خصائل	نڈر، ہوشیار، چوکنے، محقق، نیک صفت، حد سے تجاوز نہ کرنے والے، خواہشوں کو روکنے والے، بااختیار، ذاتی پوزیشن، ادائیگی فرض، اعلیٰ عہدہ۔
	تخریبی خصائل	غمگین، شکی، رنجور، رنج، حاسد، شرمیلا، ڈرپوک، بڑھاپے میں تنہا، نحوست میں ناکام کوششیں۔

شمس اتوار کے دن کا حاکم ہے۔ قمر پیر کے دن کا حاکم ہے۔ مریخ منگل کے دن کا حاکم ہے۔ عطارد بدھ کے دن کا حاکم ہے۔ مشتری جمعرات کے دن کا حاکم ہے۔ زہرہ جمعہ کے دن کا حاکم ہے۔ جبکہ زحل ہفتہ کے دن کا حاکم ستارہ ہے۔ ہم نے چند صفحات پیچھے دنوں کے جدول میں مکمل تفصیل تحریر کر دی ہے جو نہایت اہم ہے۔ اوپر دیئے گئے تعمیری خصائل سے مراد (سعد) ہے اور تخریبی خصائل سے مراد (نحس) ہے۔ لفظ خصائل صرف لوگوں کو سمجھانے کے لئے لکھ دیا گیا ہے۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

جدول خواص بروج

برج نمبر	نام برج	رنگ	ذائقہ	سمت	ماہیت	جنس	وقت	موکلات بروج	طبع	عنصر
1	حمل	زرد سرخ	شیریں	مشرق	منقلب	مذکر	روزی	سرطائیل	گرم خشک	آتشی
2	ثور	سیاہ۔سبز	تلخ و تیز	جنوب	ثابت	مؤنث	لیلی	حرزائیل	سرد خشک	خاکی
3	جوزا	سفیدی مائل زرد	تلخ و شور	مغرب	ذوجسدین	مذکر	روزی	اسرائیل	گرم تر	بادی
4	سرطان	سفید	شیریں	شمال	منقلب	مؤنث	لیلی	قیقائیل	سرد تر	آبی
5	اسد	زرد۔سرخ	شیریں	مشرق	ثابت	مذکر	روزی	شراطائیل	گرم خشک	آتشی
6	سنبلہ	سیاہ۔سبز	تلخ و تیز	جنوب	ذوجسدین	مؤنث	لیلی	سماکائیل	سرد خشک	خاکی
7	میزان	سفید زردی مائل	شور	مغرب	منقلب	مذکر	روزی	فہم الائیل	گرم تر	بادی
8	عقرب	سفید	شیریں	شمال	ثابت	مؤنث	لیلی	صدصائیل	سرد تر	آبی
9	قوس	زرد سرخ	شیریں	مشرق	ذوجسدین	مذکر	روزی	صلحتائیل	گرم خشک	آتشی
10	جدی	سیاہ۔سبز	تلخ	جنوب	منقلب	مؤنث	لیلی	حماکائیل	سرد خشک	خاکی
11	دلو	سفید۔سبز	شور تلخ	مغرب	ثابت	مذکر	روزی	سخازائیل	گرم تر	بادی
12	حوت	سفید	شیریں	شمال	ذوجسدین	مؤنث	لیلی	طاطائیل	سرد تر	آبی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

طریقہ: جو تاریخ قمری ہو۔اس کو دوگنا کر کے ۵ عدد کا اضافہ کر دیں۔۔جس برج میں شمس ہو۔وہاں سے پانچ پانچ ہر برج کو دینا شروع کریں۔۔جس جگہ پر عدد ختم ہو۔اس برج میں قمر ہوگا۔مندرجہ بالا مثال کو لیں۔۱۹×۲=۳۸+۵=۴۳ ہو گئے۔سورج برج ثور میں ہے۔لہٰذا ثور۔جوزا سرطان۔اسد۔سنبلہ۔میزان۔عقرب قوس تک کل عدد ۴۰ ہو گئے۔باقی ۳ رہے۔وہ جدی کو دیے جائیں گے۔پس معلوم ہوا۔قمر برج جدی میں ہے۔

استخراج منازل قمر

قمر کی ۲۸ منزلیں ہیں۔ہر ایک کی خاصیت جدا ہے۔ہر برج میں تقریباً سوا دو منزل کا عرصہ ہوتا ہے۔ہر منزل ۱۳ درجہ کی ہوتی ہے۔ہر برج کی منزلیں مقرر ہیں۔اور ہر منزل کا ایک حرف مقرر ہے۔ذیل میں ایک نقشہ دیا جاتا ہے۔جس سے یہ معلوم ہوگا۔کہ قمر کس منزل میں ہے

بروج	حمل			ثور			جوزا			سرطان		
حروف	ا	ب	ج	ج	د	ه	ه	و	ز	ح	ط	ی
شمار	۱	۲	۳	۳	۴	۵	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
منزل	شرطین	بطین	ثریا	ثریا	دبران	ہقعہ	ہقعہ	ہقعہ	ذراعہ	نثرہ	طرفہ	جبہہ
درجہ	۱۳	۱۳	۴	۹	۱۳	۹	۴	۱۳	۱۳	۱۳	۱۳	۴
بروج	اسد			سنبلہ			میزان			عقرب		
حروف	ی	ک	ل	ل	م	ن	س	ع	ف	ف	ص	ق
شمار	۱۰	۱۱	۱۲	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۲۶	۱۷	۱۷	۱۸	۱۹
منزل	جبہہ	زبرہ	صرفہ	صرفہ	عوا	سماک	غفرہ	زبانا	اکلیل	اکلیل	قلب	شولہ
درجہ	۹	۱۳	۹	۴	۱۳	۱۳	۱۳	۱۳	۴	۹	۱۳	۹
بروج	قوس			جدی			دلو			حوت		
حروف	ق	ر	ش	ت	ث	خ	خ	ذ	ض	ض	ظ	غ
شمار	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸	۲۸
منزل	شولہ	نعائم	بلدہ	ذابح	بلعہ	سعود	سعود	اخبیہ	مقدم	مقدم	موخر	
درجہ	۴	۱۳	۱۳	۱۳	۱۳	۴	۹	۱۳	۹	۴	۱۳	۱۳

استخراج شمس

آفتاب کا حساب شمسی کہلاتا ہے۔اور یہ انگریزی مہینوں سے لیا جاتا ہے۔جس تاریخ کا حساب معلوم کرنا ہو۔ماہ جنوری سے تاریخ مطلوبہ تک دن شمار کریں۔پھر اس میں دس دن کا اضافہ کریں۔حاصل جمع کو بارہ بروج کے ایام جدی سے تقسیم کرنا شروع کریں۔جس برج پر جا کر تعداد ختم ہو۔اس برج میں اتنے درجہ جانیں۔

ماہ انگریزی	جنوری	فروری	مارچ	اپریل	مئی	جون	جولائی	اگست	ستمبر	اکتوبر	نومبر	دسمبر
تعداد دن	۳۱	۲۸	۳۱	۳۰	۳۱	۳۰	۳۱	۳۱	۳۱	۳۱	۳۰	۳۱
بروج	جدی	دلو	حوت	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس
تعداد دن	۲۹	۳۰	۳۰	۳۱	۳۱	۳۲	۳۱	۳۱	۳۱	۳۰	۳۰	۲۹

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شرف و ہبوط سیارگان

ہر برج کے مخصوص درجوں پر کواکب کو شرف و ہبوط ہوتا ہے۔ شرف سعد ہوتا ہے، ہبوط نحس ہوتا ہے جب ستارہ برج شرف میں آتا ہے۔ تو ستارہ کی طاقت بدرجہ کمال سعادت رکھتی ہے۔ سرفرازی حصول عزو جاہ و مال و دولت کے عمل نیز ستارہ کی مخصوص طاقت کے عمل کرنے چاہئیں۔ اور شرف کے مقابل برج میں جب ستارہ جاتا ہے۔ تو ہبوط ہو جاتا ہے اس میں بدرجہ کمال کمزور و نحس ہو جاتا ہے۔ ہبوط میں مخالفوں اور دشمنوں کی تباہی پریشانی۔ سرگردانی اور مخالفت فریقین کے عمل کرنے چاہئیں۔ عملیات کے لیے شرف و ہبوط کے جو خاص درجات مقرر ہیں۔ وہ حسب ذیل ہیں۔

شرف سیارگان

ستارہ	برج	درجہ
شمس	حمل	۱۹
قمر	ثور	۳
مریخ	جدی	۲۸
عطارد	سنبلہ	۱۵
مریخ	جدی	۲۸
عطارد	سنبلہ	۱۵
مشتری	سرطان	۱۵
زہرہ	حوت	۲۷
زحل	میزان	۲۱
راس و ذنب	جوزا	تمام برج
زحل	میزان	۲۱
راس و ذنب	جوزا	تمام برج

ہبوط سیارگان

ستارہ	برج	درجہ
شمس	میزان	۱۹
قمر	عقرب	۳
مریخ	سرطان	۲۸
عطارد	حوت	۱۵
مریخ	سرطان	۲۸
عطارد	حوت	۱۵
مشتری	جدی	۱۵
زہرہ	سنبلہ	۲۷
زحل	حمل	۲۱
راس و ذنب	قوس	تمام برج
زحل	حمل	۲۱
راس و ذنب	قوس	تمام برج

مراتب سیارگان

کواکب	اوج	حضیض	ترفع	وبال	فرح	طرح
زحل	قوس ۲۱ درجہ	جوزا ۲۱ درجہ	جدی۔ دلو	سرطان۔ اسد	حوت	سنبلہ
مشتری	میزان ۲ درجہ	حمل ۲ درجہ	قوس۔ حوت	جوزا۔ سنبلہ	دلو	اسد
مریخ	اسد ۱۹ درجہ	دلو ۱۹ درجہ	حمل۔ عقرب	میزان۔ ثور	سنبلہ	حوت
شمس	سرطان ۲۰ درجہ	جدی ۲۰ درجہ	اسد	دلو	قوس	جوزا
زہرہ	جوزا ۲۲ درجہ	قوس ۲۲ درجہ	ثور۔ میزان	عقرب۔ حمل	اسد	دلو
عطارد	عقرب ۵ درجہ	ثور ۵ درجہ	جوزا۔ سنبلہ	قوس۔ حوت	حمل	میزان
قمر	سنبلہ	حوت	سرطان	جدی	جوزا	قوس

نظراتِ سیارگان

ہر برج تیس درجہ کا ہوتا ہے اسطرح بارہ بروج (۳۶۰) درجے کے ہوئے اس تعداد کو نصف کیا تو ایک سو اسی (۱۸۰) درجے ہوئے۔ لہٰذا جو سیارے ایک دوسرے کے مقابل یعنی پہلے اور ساتویں خانہ میں زائچے کے ہوں وہ باہم سخت دشمن ہیں اور انکی نظر کو 'نظر مقابلہ' کہتے ہیں۔ جو سیارے ایک دوسرے سے ایک سو بیس درجے کے فاصلہ پر ہوں یعنی زائچہ کے پانچویں اور نویں خانہ میں 'نظر تثلیث' کہتے ہیں یہ نظر کامل دوستی کی ہے جو سیارے ایک دوسرے سے نوے درجہ کے فاصلہ پر ہوں یعنی زائچہ کے چوتھے اور دسویں خانہ میں ایک دوسرے کو 'نظر تربیع' سے دیکھتے ہیں اور انکے مابین نصف دشمنی ہوتی ہے جو سیارے ایک دوسرے سے ساٹھ درجہ کے فاصلہ پر ہوں تو انکی نظر نیم دوستی کی ہوتی ہے اسے اصطلاح نجوم میں 'نظر تسدیس' کہتے ہیں اور جب سیارے ایک دوسرے کو نہ دیکھیں تو اسے 'نظر ساقط' کہا جائیگا۔ ذیل میں ہم قارئین کی سہولت کے لیے ایک جدول درج کرتے ہیں تاکہ نظرات سیارگان کا انکشاف بہ آسانی ہو سکے۔

جدول نظرات سیارگان

قران صفر درجہ		تسدیس درمیانی فاصلہ ۶۰ درجہ			تربیع درمیانی فاصلہ ۹۰ درجہ			تثلیث درمیانی فاصلہ ۱۲۰ درجہ			مقابلہ درمیانی فاصلہ ۱۸۰ درجہ	
حمل	حمل	حمل	جوزا	دلو	حمل	سرطان	جدی	حمل	اسد	قوس	حمل	میزان
ثور	ثور	ثور	سرطان	حوت	ثور	اسد	دلو	ثور	سنبلہ	جدی	ثور	عقرب
جوزا	جوزا	جوزا	اسد	حمل	جوزا	سنبلہ	حوت	جوزا	میزان	دلو	جوزا	قوس
سرطان	سرطان	سرطان	سنبلہ	ثور	سرطان	میزان	حمل	سرطان	عقرب	حوت	سرطان	جدی
اسد	اسد	اسد	میزان	جوزا	اسد	عقرب	ثور	اسد	قوس	حمل	اسد	دلو
سنبلہ	سنبلہ	سنبلہ	عقرب	سرطان	سنبلہ	قوس	جوزا	سنبلہ	جدی	ثور	سنبلہ	حوت
میزان	میزان	میزان	قوس	اسد	میزان	جدی	سرطان	میزان	دلو	جوزا	میزان	حمل
عقرب	عقرب	عقرب	جدی	سنبلہ	عقرب	دلو	اسد	عقرب	حوت	سرطان	عقرب	ثور
قوس	قوس	قوس	دلو	میزان	قوس	حوت	سنبلہ	قوس	حمل	اسد	قوس	جوزا
جدی	جدی	جدی	حوت	عقرب	جدی	حمل	میزان	جدی	ثور	سنبلہ	جدی	سرطان
دلو	دلو	دلو	حمل	قوس	دلو	ثور	عقرب	دلو	جوزا	میزان	دلو	اسد
حوت	حوت	حوت	ثور	جدی	حوت	جوزا	قوس	حوت	سرطان	عقرب	حوت	سنبلہ

خواب کی سچی تعبیریں

خواب	تعبیر	خواب	تعبیر	خواب	تعبیر	خواب	تعبیر
آب جاو دیکھنا	فائدہ ہووے	تل دیکھنا	مال طیب ملے	ڈولی دیکھنا	رنج سے نجات ہو	کھیت دیکھنا	خوش حالی ملے
آب رواں دیکھنا	کام بخیر انجام ہو	تربوز دیکھنا	نعمت ملے	رات دیکھنا	گردش آئے	گھوڑا دیکھنا	سرداری پائے
آم کھانا	فرزند پیدا ہو	تالاب میں نہانا	آلائش دنیا سے پاک ہو	ران دیکھنا	عورت سے وصل ہو	گدھی کا دودھ پینا	صحت پائے
آتش دیکھنا	عورت مالدار ملے	توپ دیکھنا	دشمن پر غلبہ ہو	رشوت لینا	بے حرمت ہو	گاجر کھانا	طبیعت میں گھبراہٹ
آئینہ دیکھنا	غم و اندیشہ ہو	تیر چلانا	دلی مراد پائے	زراعت دیکھنا	عورت حاملہ ہو	لوہا دیکھنا	دشمن سے مقابلہ ہو
ابر آسمان پر دیکھنا	حاکم مہربان ہو	ٹڈی دیکھنا	ناموری پائے	رونا	خوشی حاصل ہو	موتی دیکھنا	دولت ملے
انار شیریں کھانا	دولت سے مالا مال ہو	ثریا دیکھنا	مرتبہ بڑھے	روٹی کھانا	نعمت ملے	مرغی دیکھنا	عورت ملے
انگور دیکھنا	فائدہ کثیر ہو	جام دیکھنا	کامیاب ہو	زہر کھانا	پریشانی ہو	ناخن دیکھنا	پریشانی لاحق ہو
ادرک کھانا	شیریں بیان ہو	چاند دیکھنا	عزت ملے	زمین دیکھنا	ہمت بلند ہو	نرگس کا پھول دیکھنا	عورت حملہ ہاتھ آئے
اندھیرا دیکھنا	غم فرزند ہو	چاند گرہن دیکھنا	کچھ خرابی ہو	سبزہ دیکھنا	سرداری ملے	وظیفہ پانا	نیکی کی طرف رغبت
اولے کھانا	پریشانی ہو	تجلی دیکھنا	خلق میں ممتاز ہو	سانپ پکڑنا	فتح مندی کی علامت	یومیہ پانا	آرام ملے
بادام کھانا	ترقی ہو	چائے پینا	صحت کامل ہو	شراب پینا	لڑائی و جنگ ہو	وضو کرنا	امین ہونے کی علامت
بال سفید ہونا	وقار حاصل ہو	حلوہ کھانا	زندگی عیش سے گزرے	شیر دیکھنا	راحت پائے	ہنستا دیکھنا	غم کی علامت
بال بڑھنا	جوان کی عمر دراز ہو	حقہ پینا	معشوق سے ہمکلام ہو	صندوق دیکھنا	دشمن مغلوب ہو	ہدہد دیکھنا	خلق میں عزت ہو
بالو دیکھنا	رقم ملے	خط کھلا دیکھنا	پوشیدہ راز ظاہر ہو	ضامن ہونا	فائدہ پہنچے	تاج دیکھنا	غم دور ہو
بھینس دیکھنا	مصیبت پیش آئے	خط پڑھنا	بزرگی حاصل ہو	طوفان دیکھنا	فکر میں مبتلا ہو	ہرن دیکھنا	لڑکی پیدا ہو
بالائی کھانا	مال ملے	خون دیکھنا	مال حرام ملے	غوطہ لگانا	دولت ملے	ہوا تند دیکھنا	آفت آئے
بوڑھا دیکھنا	سفر ختم ہو	خربوزہ کھانا	نفع کثیر حاصل ہو	غسل کرنا	غم سے نجات ملے	ہدیہ بھیجنا	دلیل محبت ہے
پستہ کھانا	راحت ملے	دروازہ بند دیکھنا	باعث فکر ہو	فوارہ دیکھنا	رنج دور ہو	ہار پہننا	غم سے نجات ہو
پیاس لگنا	حرص زیادہ ہو	دل دیکھنا	صاحب تدبیر ہو	فصد کھلوانا	صحت پائے	ہاتھی دیکھنا	سخت بلا نازل ہو
پانی پینا	کشائش روزگار ہو	دیوانہ دیکھنا	فکر و مصیبت ہو	قافلہ دیکھنا	فائدہ ہو	ہوا پر اڑنا	وکیل ہو
پیغمبروں کو دیکھنا	فلاح دارین ہو	دہی کھانا	سفر کرے	قربانی کرنا	خوشی حاصل ہو	قابو پانا	عورت چالاک ملے
پستان دیکھنا	عورت ملے یا اولاد ہو	دولت دیکھنا	بیوی حاملہ ہو	کباب کھانا	ماندگی دور ہو	یاسمین پانا	خوبصورت عورت ملے
تلوار دیکھنا	دشمن پر فتح ہو	داڑھی دیکھنا	مرتبہ ملے	کشتی پر سوار ہونا	راحت ملے	یاقوت پانا	مال و دولت ملے

لکیروں کا راز

مشتری کا ابھار: یہ ابھار پہلی انگلی یعنی انگشت شہادت کی جڑ کے قریب واقع ہوتا ہے جب یہ ابھار نمایاں ہو تو ایسا شخص زندگی کے ہر دور میں تقریباً کامیاب رہتا ہے مہمان نواز، شہرت والا اور مذہب کا پابند ہوتا ہے اکثر یہ ابھار سیاسی آدمیوں کے ہاتھوں پر نمایاں دکھائی دے گا جب یہ ابھار بہت زیادہ پھیلا ہوا ہو اور دوسرے ابھاروں کی نسبت کافی نمایاں ہو تو ایسا شخص خود غرض اور پیٹو ہوتا ہے لیکن جب یہ ابھار پست ہو تو ایسا شخص مغرور اور کمینہ ہوتا ہے۔ دیکھیں شکل نمبرا۔

جب دماغی لکیر کی ایک روشن عمودی لکیر مشتری کے ابھار پر ملے تو ایسا شخص اپنی ساری زندگی دھن کے لیے لگا دیتا ہے اور کسی حد تک اپنے مقصد میں کامیاب بھی ہو جاتا ہے اور کافی دولت مند بھی ہو جاتا ہے دیکھیں شکل نمبر۲ میں مقام الف۔ جب یہ عمودی لکیر دماغی لکیر کی بجائے زندگی کی لکیر سے نکلتی ہوئی نظر آئے اور مشتری کے ابھار تک پہنچ جائے تو ایسا شخص اپنی حالت سدھارنے اور صحیح راستے پر گامزن ہونے کی بھرپور کوشش کرتا ہے یہ کوششیں اس سال سے شروع ہوں گی جس سال سے یہ لکیر زندگی کی لکیر سے نکلتی ہوئی نظر آئے۔ اکثر یہ لکیر ۲۵ سال کی عمر سے نکلتی ہوئی نظر آتی ہے جو مشتری کے ابھار پر پہنچ جاتی ہے۔ دیکھیں شکل نمبر۲ میں مقام ب۔

جب قسمت کی لکیر سے کوئی لکیر نکلتی ہوئی نظر آئے جو مشتری کے ابھار پر پہنچ جائے تو ایسا شخص اس سال سے دولت کے ڈھیر میں ہوگا۔ جس سال سے یہ لکیر قسمت کی لکیر سے نکل رہی ہو۔ قسمت کی لکیر سے یہ اکثر ۳۵ سال کی عمر کے لگ بھگ نکلتی ہوئی ملتی ہے۔ دیکھیں شکل نمبر۳۔

جب مشتری کے ابھار پر کراس (x) کا نشان پایا جائے تو ایسا شخص بہت کامیاب سیاسی لیڈر ہوتا ہے لیکن جب قسمت کی لکیر دل کی لکیر سے ٹکرا کر ختم ہو جائے دل کی لکیر میں عطارد کے ابھار پر جزیرہ پایا جائے تو مشتری کے ابھار پر کراس والا شخص محبت کی شادی کرتا ہے۔ دیکھیں شکل نمبر۴۔

جب مشتری کے ابھار پر تارے کا نشان پایا جائے تو یہ نشان عظمت کی نشانی ہے۔ یہ بڑی خوشگوار تبدیلی لاتا ہے۔ قائداعظم کے ہاتھ پر بھی یہ نشان موجود تھا لیکن یہ بھی نوٹ کر لیں کہ تارے کا نشان جب زندگی کی لکیر کے قریب پایا جائے تو خوشگوار تبدیلی ۲۵ سال کی عمر کے قریب آتی ہے جب یہ ابھار کے درمیان میں ملے تو درمیانی عمر میں اور جب تارے کا نشان انگشت شہادت کی جڑ کے قریب ملے تو شہرت اور کامیابی آخری عمر میں حاصل ہوتی ہے۔ دیکھیں شکل نمبر۵۔

مثلث کا نشان △ مشتری کے ابھار پر بڑی اہمیت کا حامل ہوتا ہے ایسا شخص غیر معمولی صفات رکھتا ہے لوگوں میں کافی مقبول ہوتا ہے یہ سیاسی گٹھ جوڑ کی سلامت بھی ہوتا ہے اکثر یہ نشان سیاسی لوگوں کے ہاتھوں پر ملتا ہے۔

دیکھیں شکل نمبر۶۔

جب مشتری کے ابھار پر مربع ☐ کا نشان پایا جائے تو ایسا شخص پڑھانے کی طرف مائل ہوتا ہے۔ ٹیچروں اور پروفیسروں کے ہاتھوں پر یہ نشان نمایاں ہوتا ہے۔

دیکھیں تصویر نمبر۷۔

جب مشتری کے ابھار پر حلقہ سلیمانی ہو تو ایسا شخص ولی اللہ یا پیدائشی لیڈر ہوتا ہے۔

دیکھیں تصویر نمبر۸۔

جب مشتری کے ابھار پر جزیرے کا نشان ⬭ پایا جائے تو ایسے شخص کی شہرت اور عزت پر اچانک دھبہ لگے گا۔

دیکھیں شکل نمبر۹۔

جب مشتری کے ابھار پر جالی کا نشان پایا جائے تو ایسا شخص مغرور اور اپنی تعریف آپ کرنے والا ہوتا ہے۔

دیکھیں شکل نمبر۱۰۔

زحل کا ابھار: یہ ابھار دوسری انگلی یعنی سب سے لمبی انگلی کی جڑ کے قریب ہوتا ہے بلکہ یوں کہنا مناسب ہوگا کہ یہ جگہ زحل کے ابھار کے لیے مخصوص ہے کیونکہ یہ ابھار بہت کم دیکھنے میں آتا ہے۔ جب یہ ابھار دوسرے ابھاروں کی طرح ذرا ابھرا نظر آئے تو ایسا شخص سنجیدہ اور معقول ہوتا ہے لیکن اسکے دوست کم ہوں گے۔ جب یہ ابھار بہت زیادہ ابھرا ہوا ہو تو ایسا شخص ضدی اور لالچی ہوتا ہے اور ایسے ابھار والے لوگ شادی بھی دیر سے کرتے ہیں۔ خراب دماغی لکیر کے اس ابھار کے ہوتے ہوئے خودکشی کی طرف مائل ہوتے ہیں۔

دیکھیں شکل نمبر۱۱۔

ایک یا زائد عمودی لکیریں اس ابھار پر اپنی کوشش سے یا والدہ کی طرف سے دولت ملنے کی علامت ہوتی ہے۔

دیکھیں شکل نمبر۱۲۔

اس ابھار پر کراس (x) کا نشان موت کی علامت سمجھا جاتا ہے یہ موت گولی، پھانسی، یا کسی حادثہ کی وجہ سے ہوگی۔ لیکن یہ چیز ذہن نشین کر لیں کہ کراس دل کی لکیر کی کسی شاخ یا کسی دوسری بڑی لکیر کو کاٹنے سے نہ بنے۔ ان کا مطلب کچھ اور ہوتا ہے۔ بلکہ دو چھوٹی اور واضح لکیریں ایک دوسرے کو قطع کرتی ہوئی نظر آئیں۔

دیکھیں شکل نمبر۱۳۔

جب زحل کے ابھار پر تارے کا نشان پایا جائے تو ایسا شخص بھی غیر طبعی موت مرتا ہے یعنی اسے قتل کیا جاتا ہے لیکن شہرت والا اور ہر دلعزیز ہونے کی وجہ سے لوگوں کے دلوں میں مرنے کے بعد بھی جگہ بنائے رکھتا ہے۔

دیکھیں شکل نمبر۱۴۔

جب اس ابھار پر مربع کا نشان پایا جائے تو ایسا شخص کسی خطرناک حادثے سے بال بال بچتا ہے۔

دیکھیں شکل نمبر۱۵۔

جب اس ابھار پر جزیرے کا نشان پایا جائے تو ایسا شخص بڑا بدقسمت ہوتا ہے حالات اچانک اس کے خلاف ہو جاتے ہیں۔

دیکھیں شکل نمبر۱۶۔

جب زحل کے ابھار پر مثلث کا نشان پایا جائے تو ایسا شخص مخفی علوم میں کافی دلچسپی رکھتا ہے۔ سائنس کی طرف بھی مائل ہوتا ہے۔

دیکھیں شکل نمبر۱۷۔

جب زحل کے ابھار پر دائرے کا نشان پایا جائے تو ایسا شخص قید ہو جاتا ہے۔ دوسری بری نشانیوں کے ساتھ یہ عادی مجرموں کی علامت بھی ہوتی ہے۔

دیکھیں شکل نمبر ۱۸۔

جب زحل کے ابھار پر جالی کا نشان پایا جائے تو ایسا شخص بڑے بڑے منصوبے سوچتا ہے اور ان پر عمل بھی کرتا ہے لیکن نتیجہ وہی صفر حاصل ہوتا ہے۔ کسی حد تک خود غرض بھی ہوتا ہے۔

دیکھیں شکل نمبر ۱۹۔

جب زحل کے ابھار پر حلقہ پایا جائے جو کے حلقۂ زحل کہلاتا ہے تو یہ بہت خراب علامت سمجھی جای ہے آخری عمر تنگدستی میں گزرتی ہے اگر اس حلقے میں ایک واضح کراس کا نشان بھی ملے تو یہ پھانسی پر چڑھنے کی علامت ہوتی ہے۔

دیکھیں شکل نمبر ۲۰۔

سورج کا ابھار: سورج کا ابھار تیسری انگلی کی جڑ کے قریب پایا جاتا ہے جب یہ ابھار نمایاں ہو تو ایسا شخص آرٹ، مصوری اور شعر و شاعری میں دلچسپی لیتا ہے اور خوب کامیاب رہتا ہے۔ اگر شمسی انگلی لمبی ہو لیکن درمیانی انگلی سے قدرے چھوٹی ہو۔ شمس کا ابھار اور شمسی لکیر دونوں نمایاں ہوں تو ایسا شخص تجارت میں کامیاب رہتا ہے اور دونوں ہاتھوں سے دولت سمیٹتا ہے اگر یہ ابھار بہت زیادہ ابھرا ہوا ہو تو ایسا شخص جوئے باز ہوتا ہے لیکن اس معاملے میں شمسی انگلی درمیانی انگلی سے بھی لمبی ہوگی اگر یہ ابھار پست ہو تو اوپر والی خاصیتیں مفقود ہوتی ہیں۔ دیکھیں شکل نمبر ۲۱۔

جب اس ابھار پر کراس (x) کا نشان پایا جائے تو ایسا شخص ہمیشہ تنگدست اور مفلس ہوتا ہے۔

دیکھیں شکل نمبر ۲۲۔

جب سورج کے ابھار پر تارے کا نشان پایا جائے تو یہ شہرت اور دولت کی واضح نشانی سمجھی جاتی ہے لیکن یہ دولت اور شہرت سب فضول ہوتی ہے کیونکہ یہ تارا اس وقت چمکتا ہے جب انسان قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھا ہوتا ہے اور بیمار ہوتا ہے جب تارے کا نشان سورج کے ابھر پر شمسی لکیر کے اختتام پر ہو تو ایسا شخص آرٹ میں نام پیدا کرتا ہے۔

دیکھیں شکل نمبر ۲۳۔

اگر شمس کے ابھار پر مربع کا نشان پایا جائے تو ایسا شخص دولت اور شہرت کا بہت متلاشی ہوتا ہے کسی حد تک اس کی تمنا پوری بھی ہو جاتی ہے لیکن جتنا زیادہ ملتا ہے اسکی حرص بھی بڑھتی جاتی ہے۔

دیکھیں شکل نمبر ۲۴۔

جب سورج کے ابھار پر گول دائرہ پایا جائے تو یہ کامیابی اور کامرانی کی نشانی ہے یہ واحد ابھار ہے جہاں گول دائرہ کامیابی سے ہمکنار کر رہا ہے ورنہ ہتھیلی پر جہاں بھی پایا جائے برے نتائج، حادثے، بینائی کی کمزوری وغیرہ منہ کھولے منتظر رہتی ہے۔

دیکھیں شکل نمبر ۲۵۔

اس ابھار پر واضح عموداً لکیریں دولت کی واضح علامت سمجھی جاتی ہیں اسکے ساتھ اگر قسمت کی لکیر بھی روشن ہو تو ایسا شخص لاکھوں میں کھیلنے والا ہوتا ہے۔

دیکھیں شکل نمبر ۲۶۔

جب سورج کے ابھار پر جالی کا نشان پایا جائے تو ایسا شخص مغرور اور جنونی ہوتا ہے شہرت حاصل کرنے کے لیے احمقانہ حرکتیں کرتا ہے۔

دیکھیں شکل نمبر ۲۷۔

حاضرات الحجر

پتھروں کی تاثیرات معلوم کرنے کے لئے حاضرات کا عمل

جب کوئی شخص کوئی نگ مثلی یاقوت، زمرد، فیروزہ، عقیق اور الماس وغیرہ بازار سے خرید کر لائے۔ تو چونکہ ہر پتھر کے جسم اور رنگ کے لحاظ سے وزن، قوت کشش، قوت انعکاس اور قوت برقی میں فرق ہوگا۔ اس لئے اس کی سحری قوتوں میں بھی فرق ہوسکتا ہے۔ ان خاصیتوں کا نہ فروخت کرنے والے کو علم ہوتا ہے۔ نہ خریدنے والے کو، کہ یہ پتھر کس قسم کی صفات اور برکات کا حامل ہے۔ یا یہ پتھر پہننے والے کو کیا فائدہ دے گا:

1 تو اس امر کے لئے حاضرات الحجر کی جاتی ہے۔ اس کتاب کے آخر میں ایک گول دائرہ دیا گیا ہے۔ اس قسم کا علیحدہ کاغذ پر بڑا تیار کر لیں۔ اتنا بڑا کہ اس کے اندرونی دائرہ کا قطر ۳/۴ ۱۲ انچ ہو اور بیرونی کا ۱/۲ ۱۶ انچ اب باوضو ہو کر دو رکعت نماز نفل استخارہ پڑھیں۔ پھر سورۃ یاسین ایک مرتبہ پڑھ کر نگ کو دائرہ کے وسط میں رکھ دیں اوپر انگشت شہادت کو آہستہ سے رکھیں۔ تا کہ نگ حرکت کرے۔ تو آپ کی انگلی رکاوٹ کا باعث نہ ہو۔ انگلی صرف مس کرتی رہے۔ اب آہستہ آہستہ بلا تعداد

انّه من سُلَيمانَ وَ انّه ليس لَها من دُونِ اللّٰهِ كاشفَهْ

پڑھتے جائیں۔ چند منٹوں کے بعد نگینہ میں حرکت پیدا ہوگی اور حرکت کر کے وہ اس خانہ کی طرف جائے گا۔ جس میں اس کی خاصیت کا اثر لکھا ہوا ہے۔ اب عامل کو چاہیے کہ وہ اس خانہ کی عبارت نوٹ کرے۔ جس میں نگینہ نے قرار پکڑا ہے۔ یہی اس کی تاثیر ہوگی۔ اگر وہ نگ حرکت کرتا ہوا متعدد خانوں میں جائے۔ تو وہ نگ اتنی ہی تاثیرات کا حامل ہوگا اور اگر نگ حرکت نہ کرے۔ تو اس میں کوئی تاثیر نہ ہوگی۔ یا وہ مالک کو فائدہ نہ دے گا۔ نگ کا وزن کم از کم بیس رتی ہونا چاہیے۔

اگر بہت سے سارے نگ امتحان کے لئے موجود ہوں۔ تو تمام کے لئے ایک ہی نماز کافی ہے اور ایک ہی بار سورہ یٰسین پڑھ کر سب پر دم کر دی جائے۔ البتہ ہر ایک نگ کا امتحان الگ الگ کیا جائے گا کہ اس میں کیا تاثیر ہے۔ تمام نگوں کی برکات جاننے کے لئے ایک ہی جلسہ میں کام کیا جا سکتا ہے۔

دائرہ حاضرات
تاثراتِ حجر
انہ من سلیمان وانہٗ لَیسَ
لَہا من دُونِ اللّٰہِ کا شفہٗ
حصول علم
استواری ایمان
تندرستی
حفظ مال
دافع زہر
دباے امن
قوت باہ
مظفر جنگ
محبت زن
سعادت
نفع حاجات
عزت نزد سلطان
امن سرقہ
دفع غم
امن سفر

برتھ سٹون (جدول بروج اور جواہر)

نمبرشمار	بروج	موافق پتھر	نمبر	ستارہ	دن
۱	حمل	مرجان، حجرالدم	۱۳	مریخ	منگل
۲	ثور	الماس (ہیرا)	۱۴	زہرہ	جمعہ
۳	جوزا	زمرد (پنّہ)	۱۷	عطارد	بدھ
۴	سرطان	مروارید، حجرالقمر	۱۸	قمر	پیر
۵	اسد	یاقوت رمانی، لعل بدخشاں یا مانک	۱۹	شمس	اتوار
۶	سنبلہ	لاجورد (نیلم) کارکینک، زرقون	۲	عطارد	بدھ
۷	میزان	سنگدودھیا (اوپل) زبرجد، لہسنیا	۳	زہرہ	جمعہ
۸	عقرب	مونگا، عقیق سرخ	۴	مریخ	منگل
۹	قوس	پکھراج (یاقوت اصفر)	۷	مشتری	جمعرات
۱۰	جدی	پلک، گومیدک	۸	زحل	ہفتہ
۱۱	دلو	عقیق یمنی نیلم (یاقوت کبود) ایمے تھسٹ	۹	زحل	ہفتہ
۱۲	حوت	سنگ یشب، لاجورد	۱۲	مشتری	جمعرات

اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ لوگ جن کی پیدائش برج حمل کے ماتحت ہے۔ وہ مرجان یا حجرالدم کو انگشتری میں ۱۳ تاریخ کو لگوائیں۔ اگر اس دن منگل ہو تو بہتر ہے۔ ساعت مریخ کی ہو۔ جو دن کی پہلی و آٹھویں ساعت ہوگی۔ اگر کسی شخص کی پیدائش منگل کے دن کی ہے تو اس روز کا ستارہ مریخ ہے۔ اس کا متعلقہ پتھر بھی پہنا جا سکتا ہے۔ بس یہی دو قسم کے پتھر ہوں گے جو موافق ہوں گے۔ ان میں سے کونسا ارفع ہے اور فائدہ دیتا ہے اسے تجربہ سے معلوم کریں یا زائچہ موجود ہو تو کسی صاحب علم سے تعین کرالیں۔

ستاروں کی نحوست دور کرنے والے جواہرات

نام ستارہ	اس کا خاص جواہر کونسا ہے	اسکے خلاف ہونے سے کونسا جوہر پہننا چاہیے	اس کے ایام رجعت میں کونسا جواہر پہننا چاہیے
شمس	یاقوت	یاقوت	یاقوت
قمر	حجرالقمر	مروارید	الماس
مریخ	مرجان	مرجان	مرجان
عطارد	زرقون	زمرد	زرقون
مشتری	بلّور	پکھراج	مروارید
زہرہ	لہسنیا	الماس	لہسنیا
زحل	نیلم	نیلم	نیلم
راس وذنب	زمرد	زرقون، زمرد	زمرد

طبعی خرابیوں اور کواکب کے ناقص ہونے کو دور کرنا

جواہر	کس مزاج کو پہننا چاہیے	کوکب ناقص برج میں ہوں
فیروزہ	مزاج بادی وبلغمی	عطارد
عقیق	مزاج صفراوی وآتشی	مریخ
مروارید	مزاج بلغمی وبادی	قمر
پکھراج	مزاج بادی وبلغمی	مشتری
گومیدک	مزاج بادی وبلغمی	راس
نیلم	مزاج صفراوی وآتشی	زحل
لہسنیا	مزاج بادی وبلغمی	زہرہ
چونی	مزاج صفراوی وآتشی	شمس

پتھروں کے خواص بلحاظ رنگ

ہر قسم کے پتھروں میں مختلف شیڈ ہیں۔ ذیل میں تفصیل دی جاتی ہے۔ جس سے رنگوں کے اختلاف کی وجہ سے خاصیتوں اور اثرات میں فرق معلوم ہوتا ہے۔

پتھر کا رنگ	پتھر کا رنگ	
ظاہری	باطنی	خاصیت
سفید	سفید	جو اپنے پاس رکھے اس کا حافظہ قوی ہو۔
	سبز	جس کے پاس ہو۔ عزیز خلائق ہو۔ اور ہاتھ سے نیک افعال ہوں۔
	آسمانی	جو اپنے پاس رکھے۔ کسی فن میں کامل ہو۔
	سیاہ	زہر قاتل ہے۔
سیاہ	سفید	خود زہر قاتل ہے۔ مگر دیگر زہروں کا تریاق ہے
	زرد	مندرجہ بالا خاصیت رکھتا ہے۔
	نیلگوں	اپنے پاس رکھنے والا دلیر ہو۔ کسی سے نہ ڈرے۔
	سبز	ہر صدمہ سے محفوظ رہے۔ اگر کوئی جانور کاٹے تو اس کو صدمہ نہ پہنچے۔
زرد	سفید	پاس رکھنے سے جو حاجت ہو پوری ہو۔ خلق کے درمیان محتشم ہو۔
	سیاہ	مندرجہ بالا خاصیت رکھتا ہے۔
	نیلگوں	پاس رکھنے سے محبوب خلائق ہو۔ افعال نیک سرزد ہوں۔
	سبز	پاس رکھنے والا بزرگوں کی نگاہوں میں عزیز ہو۔
سُرخ	سفید	جنگ کی حالت میں کبھی غالب نہ ہو۔
	سُرخ	جلد حاجت براری ہو۔
	آسمانی	پاس رکھنے سے جادو اثر نہ کرے۔
	زرد	جو کوئی پاس رکھے۔ عورتوں کے دلوں میں محبوب ہو۔
	سبز	پاس رکھنے سے لڑائی میں فتحیاب ہو۔

والوں کے لئے سُرخ رنگ کا اور شمس والوں کو ایسا نگ انتخاب کرنا چاہیے جو زرد رنگ کا ہو۔ مریخ والوں کے لئے سُرخ رنگ کا اور شمس والوں کو سنہرا یا اور رنج رنگ کا عقیق انتخاب کرنا چاہیے۔ اس طرح عقیق کے فوائد ہر شخص حاصل کرسکتا ہے۔ اس کے خلاف چلنے سے جواہر اپنا فائدہ نہ دیں گے۔ کسی جواہر کا خاص مقصد کیا ہے۔ وہ ذیل سے معلوم کریں۔

جواہر کی مخصوص برکات: جن کا تعلق باندھنے یا گلے میں لٹکانے یا بطور نگ استعمال کرنے سے ہے۔

جواہر	خاص	جواہر	خاص برکات
کہربا	عورتوں کو بچوں کی تکلیف ہو	لہسنیا	خواب بد سے تحفظ
ایے تھسٹ	شراب کی بدعادت چھوڑنا	چونی	دشمنوں پر غلبہ
زبرجد	سفری ملوگوں کو فائدہ	مرداریہ	صبر و استقلال و عفت
حجر الدم	حادثات سے تحفظ	مرجان	جادو و شیطانی خیالات سے تحفظ
یاقوت	اندرونی امراض سے نجات	اکوامرائن	سفری کاموں میں کامیابی
ہلکا نیلا نیلم	حصول دولت و پارسائی	سنگِ یشم	جنون و امراض وہم کو اور خون بہنے کو مفید
رودراکھ	اعلیٰ صحت	بھیکم	وجدانی قوت کے لئے
الماس	ذہانت و قوت حیات	پریڈٹ	امراض گردہ
زمرد	حقیقی محبت۔ کارہائے نمایاں کرنا	میلے کائیٹ	بچوں کو نظر و جادو سے محفوظ رکھنا
نیلم	امراض چشم	حجر البار	کنکری پیشاب کی امراض کے لئے
عقیق	مالی فوائد و غلبہ بر دشمنان	حجر الجبہ	درد سر کا دفعیہ
پکھراج	حکام وقت میں عزت	حجر النور	بچوں کے لئے رفع خوف
فیروزہ	تحفظ اور حصول علم و ہنر	حجر الخطالطیف	رفع بدخوابی
حجر القمر	دماغی قوت۔ کوڑھ سے شفا	حجر النار	تسہیل ولادت
اوپل	محبت و خوشی	رتوا	دافع درد سر و بخار
مرداریہ	عفت و پاکدامنی کے لئے		
زرقون	جسمانی صحت و روزگار		

اقسامِ جواہر

۱۔ درجہ اوّل کے جواہرات کو ہندی میں نورتن اور عربی میں جواہر تسعہ کہتے ہیں۔ یہ تعداد میں نو ہیں۔

۲۔ درجہ دوم کے جواہرات کو ہندی میں اوپ رتن کہتے ہیں۔ کتب سنسکرت میں ان کی تعداد چودہ ہے اور انگریزی کتب میں سولہ ہے اور بھی جواہرات دریافت ہوئے ہیں۔ جن کو ملادیں۔ تو کل تعداد ۳۰ ہو جائے گی۔

۳۔ درجہ سوم میں وہ پتھر شامل ہیں۔ جو بافراط ملتے ہیں اور ان کی عام اشیاء مثلاً ظروف واوزار بنتے ہیں۔ ان کے بعض نام انگریزی کتب سے ملے۔ بعض کتب فارسی سے اور بعض دیسی جوہریوں سے معلوم ہوئے۔ یہ کل ۱۸۰ اسی ہیں۔

ہندیوں کے نزدیک کل جواہر کی تعداد ۸۴ ہے۔

مندرجہ بالا جماعت بندی قدرتی نہیں۔ خیالی اور بناوٹی ہے قسم دوم کے بعض جواہر کسی خاص وصف کے لحاظ سے مثلاً رنگت یا کثرت رواج کے باعث قسم اول کے جواہر پر بھی قدر و قیمت میں فوقیت لے جاتے ہیں۔ برخلاف اس کے قسم اوّل کا کوئی پتھر ناقص ہونے کے باعث قسم دوم کے جواہر سے بھی کم قدر سمجھا جاتا ہے۔

دراصل قسم اوّل میں وہ جواہر شامل ہیں جو کامیاب ہیں۔ درجہ دوم میں وہ جواہر ہیں۔ جو زیورات میں عام مزین ہوتے ہیں۔ درجہ سوم والے وہ ہیں جو بافراط ملتے ہیں اور عمارتوں، برتنوں وغیرہ میں استعمال ہوتے ہیں۔ ان تمام کی تفصیل آگے آئے گی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نمبر شمار	اُردو	سنسکرت	پنجابی	ہندی	عربی	انگریزی	رنگ ذاتی	ستارہ
۱	الماس	ہیرک	ہیرا	ہیرا	الماس	DIAMOND	نیلگوں سفید	زہرہ
۲	یاقوت	پدم راگ	لال	مانک	لعل	RUBY	کرمزی گلابی	شمس
۳	لاجورد یا قوت کبود	سوری رتن	نیلم	نیلہ	یاقوت ازرق	SUPPHIRE	نیلا	زحل
۴	زمرد	اشم گربہ	پنہ	مرکت	حجر الحیا	EMERALD	گہرا سبز	مشتری
۵	پکھراج	منجونے	پوکھراج	پوشپ راگ	یاقوت اصفر	TOPAZ	زرد	عطارد
۶	مروارید	موکتے کے	موتی	موکتا	لؤلؤ	PEARL	سفید	قمر
۷	مرجان	پروالا	مونگا	دوم	مرجان	CORUL	سُرخ	مریخ
۸	گربہ چشم	کیتوزن	لہسنیا	ویدوریہ	عین الہر	CAT'S EYE	سفید	زہرہ
۹	زرقون	گومیدک	گومید	گومیدہ	لعل ذود	ZIRCUN	شربتی	عطارد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

درجہ دوم کے جواہرات (۳۵)

نمبر شمار	اُردو	سنسکرت	انگریزی	رنگ ذاتی	ستارہ
۱	زبرجد	پاری بھدر	BERYL	ہلکا نیلا یا سبز	زہرہ
۲	اکوامرائن		AQUAMARINE	ہلکا نیلا یا سبز	مشتری
۳	لعل رمانی		SPINAL	گہرا سُرخ	مریخ
۴	کارنڈم	کرنڈ	CORUNDOM	سفید	قمر
۵	کرنج		EMERY	زردی مائل سبز	عطارد
۶	کارکیتک	کارکیتک	CHR YSOLITE	گیاہی سبز	زہرہ
۷	الیگزینڈرائٹ		ABEXANDRITE	سُرخ و سبز	شمس
۸	پلک	پلک	GARNET	ارغوانی	زحل
۹	فیروزہ	پیروج	TURQUOISE	نیلا	مشتری
۱۰	عقیق		AGATE	سُرخ	مشتری
۱۱	کالسڈونی		CHOLCEDONY	زرد	عطارد
۱۲	روودراکھ	روودراکھ	CARNELION	زرد	عطارد

۱۳	سنگ سلیمانی	پالنگ	ONYSE	زیتونی	زحل
۱۴	سنگ یشم		JASPER	سبز	مشتری
۱۵	دودھیا		OPEL	دودھیا	مریخ
۱۶	سنگ ستارہ	سوتارنگی	CHR YSOPRASE	سبز، نیلا، سُرخ معہ داغ سنہری	زحل
۱۷	امیتھسٹ		AMETHYST	نفشئی	مریخ
۱۸	حجر الدم	جیونی رس	BLOOD STONE	سُرخ خون سا	مریخ
۱۹	بھیکیم	بھیکیم	ROCK CRYSTAL OR QUARTZ	سفید	قمر
۲۰	سنگ موچہ	گنج	MOCLD STONE	سفید زردی مائل	زہرہ
۲۱	ترمرے	کندرب	TOURMALINE	خاکستری	زحل
۲۲	کہربا		AMBER	زرد	شمس
۲۳	حجر القمر	چندرکانت	MOONSTONE	سفید	قمر
۲۴	حجر الشمس	سوریہ کانت	SUNSTONE	سنہری مائل بہ سفیدی	شمس
۲۵	سنگ سیم	پیلو	JADE	سفید دودھیا	زہرہ

۲۶	پریڈوٹ		PERIDOT	زردی مائل سبز	عطارد
۲۷	اولے وائن		OLIUINE	زرد	عطارد
۲۸	میلے کائیٹ		MALACHITE	ہلکا سبز زردی مائل	عطارد
۲۹	سنگ سماق		PROPHYRY	سرخی مائل	مریخ
۳۰	لیبرڈور		LABRODOR	بھورا یا سبز	زحل
۳۱		روچک		گندم گوں	زہرہ
۳۲		اوت پل		نیلا	مشتری
۳۳		گندہ شیشہ		سُرخ	مریخ
۳۴		سیس		چوہے جیسا	زحل
۳۵		نیلا رنگ		گہرا نیلا	مشتری

یہ سب تمہارا کرم ہے آقا
کہ بات اب تک بنی ہوئی ہے

حضرت بابا ملک محمد صدیق قادری مقربی رحمۃ اللہ علیہ

توجہ فرمایئے:

دوستوں آج کل فیس بک ٹیم نے اپنی پالیسیوں کو نہایت سخت کر دیا ہے۔ جس کی وجہ سے فیس بک یوزر (مجھ سمیت) بہت پریشان ہیں۔ اگر آپ ایڈ فرینڈ کریں یا فرینڈ ریکویسٹ ایکسیپٹ کریں تو آپ کی آئی ڈی بلاک کر دی جاتی ہے اور یوں ہفتوں یا مہینوں پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے یا پھر نئی آئی ڈی بنانا پڑتی ہے لہذا ہمارے ادارے نے بھی اپنی پالیسی تبدیل کر دی ہے یعنی ہمارا ادارہ تمام دوستوں سے گزارش کرتا ہے کہ برائے مہربانی ہمیں فرینڈ ریکویسٹ بھیجنے کے بجائے ہمارے پیج کو لائک کیا کریں اور ہمیشہ کے لئے ہمارے پیارے دوستوں کی حیثیت سے ہمارے شریک سفر بن جائیں۔ لہذا جو کوئی دوست ہم سے بات کرنا چاہے وہ ان نمبرز پر رابطہ کر سکتا ہے۔ یہ نمبرز نماز ظہر کے بعد سے رات ایک بجے تک آپ کے لئے کھلے رہیں گے۔

0092-300-3632186/0092-345-3144920

Skype I.D; Saleemhussainqadri.saleemhussain

معزز قارئین

اسلام علیکم!

جعلی عاملوں کے ہاتھوں لٹنے کے بجائے اپنے تمام جائز کام خود کریں ہدایتِ عملیات ایک ایسی کتاب ہے جو آپ کے لئے بہترین استاد ثابت ہوگی۔

☆ انتہائی سہل اور آسان طریقہ عملیات کے ذریعہ اپنا اسمِ اعظم ذاتی خود نکالئے۔

☆ اپنے نام کے اعداد خود نکالئے۔

☆ اپنے بچوں کے نام ستاروں کے حساب سے خود نکالیئے۔

☆ اپنے ستاروں اور بروج کے مطابق تمام معلومات خود حاصل کریں۔

☆ اپنا زائچہ خود بنائیں۔

☆ اپنے خوابوں کی تعبیریں خود پائیں۔

☆ اپنا دست شناسی خود کریں۔

☆ اپنے جیون ساتھی کا انتخاب علم نجوم کی مدد سے خود کریں۔

☆ پتھروں کے بارے میں معلومات خود حاصل کریں۔

☆ اپنے تعویزات خود بنائیں۔

☆ روحانی عمل خود کریں۔

☆ چلہ کشی کرنا چاہیں تو ہم سے اجازت حاصل کر کے خود کریں۔

چاہیں تو ایک کامیاب عامل بن جائیں اور جعلی عاملوں کی لوٹ مار سے بچ جائیں۔

ہم آپ کو ہدایتِ عملیات میں **خوش آمدید** کہتے ہیں۔